قرآنی نظامِ ربوبیت کا پیامبر

اشاعت کا بہتر واں سال

ماہنامہ

طلوعِ اسلام

لاہور

اکتوبر 2015ء

علامہ اقبالؒ کے ایماء اور قائداعظمؒ کی خواہش پر 1938ء سے شائع ہونے والا ماہنامہ



یہ وہ واجب الاحترام مقام ہے جو تمام انسانوں کے لیے اطاعتِ خداوندی کا سرچشمہ قرار پائے گا۔ اسے ہم نے تمام نوعِ انسان کے لیے خواہ وہ یہاں کے رہنے والے ہوں یا باہر سے آنے والے، یکساں طور پر کھلا رکھا ہے۔ (الحج:25)

مفہوم القرآن جلد دوم سے ایک اقتباس

جلد 68 شمارہ نمبر 10 اکتوبر 2015ء

ماہنامہ طلوعِ اسلام لاہور

ناشر وچیئرمین: محمد اکرم راٹھور

مجلسِ ادارت: ڈاکٹر انعام الحق، ڈاکٹر منظور الحق، خواجہ ازہر عباس

مدیر انتظامی: محمد سلیم اختر

قانونی مشیر: ملک محمد سلیم ایڈووکیٹ

زرِ تعاون	40 روپے فی پرچہ
پاکستان	-/450 روپے سالانہ
بیرون ملک	2500 روپے سالانہ

اس شمارے میں

عنوان	مصنف	صفحہ نمبر
لمعات	ادارہ	4
پرویز صاحب کا نظریہ اسلامی مملکت (قسط اوّل)	ملک منظور حسین لیل	8
اعلیٰ سطحی جامعاتی تحقیق کا معیار۔۔۔لمحۂ فکریہ	پروفیسر غازی علم الدین	23
وہ اندھا جس نے پوری قوم کو آنکھیں دیں		30
ماہنامہ ''اشراق'' کے ایک مضمون ''اسلام اور خلافت''	خواجہ ازہر عباس	35
باب المراسلات	ڈاکٹر انعام الحق	43

ENGLISH SECTION

The Missing Link - By: Dr. Mansoor Alam 50

Surah *Al-Takwir* (التکویر) – *Durus-al-Qur'an* By G.A.Parwez
Parah 30: Chapter 11 Translated by: Dr. Mansoor Alam 54

Bank Account Idara Tolu-e-Islam

For Domestic Transactions
Bank A/C No: 0465-22-003082-7

For International Transactions
IBAN: Pk21 NBPA 0465 0022 0003 0827

National Bank of Pakistan Main Market, Gulberg Lahore

ادارہ طلوعِ اسلام (رجسٹرڈ) کی مطبوعات سے حاصل شدہ جملہ آمدن قرآنی فکر عام کرنے پر صَرف کی جاتی ہے

ادارہ طلوعِ اسلام B-25 گلبرگ نمبر 2، لاہور۔ 54660، (پاکستان)
فون: 042-35714546 E-mail: idarati@gmail.com

اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز سے چھپوا کر B-25، گلبرگ II لاہور سے شائع کیا

طلوعِ اسلام

یہی مقصودِ فطرت ہے، یہی رمز مسلمانی
اخوت کی جہاں گیری، محبت کی فراوانی
بتانِ رنگ و خوں کو توڑ کر ملت میں گم ہو جا
نہ تورانی رہے باقی، نہ ایرانی نہ افغانی
میانِ شاخساراں صحبت مرغِ چمن کب تک!
ترے بازو میں ہے پروازِ شاہین قہستانی
گمان آبادِ ہستی میں یقیں مردِ مسلماں کا
بیاباں کی شب تاریک میں قندیل رہبانی
مٹایا قیصر وکسریٰ کے استبداد کو جس نے
وہ کیا تھا، زورِ حیدرؓ، فقر بوذرؓ، صدقِ سلمانیؓ
ہوئے احرارِ ملت جادہ پیما کس تجمل سے
تماشائی شگافِ در سے ہیں صدیوں کے زندانی
ثباتِ زندگی ایمانِ محکم سے ہے دنیا میں
کہ المانی سے بھی پائندہ تر نکلا ہے تورانی
جب اس انگارۂ خاکی میں ہوتا ہے یقیں پیدا
تو کرلیتا ہے یہ بال و پر رُوح الامیں پیدا

(بانگِ درا۔ علامہ اقبالؒ)

(جاری ہے)

لمعات۔ادارہ

آل ورلڈ مسلم کانفرنس

جب سے انسان نے آنکھ کھولی ہے وہ اسی تگ وتاز میں غلطاں وپیچاں رہا کہ وہ کون سی صورت پیدا کی جائے کہ اس دنیا میں انسان امن وسلامتی سے رہ سکیں۔ اسے اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے ان گنت تجارب کی بھٹیوں اور سنگلاخ وادیوں سے گزرنا پڑا۔ لیکن وہ مقصود حاصل نہ کرسکا۔ زمان ومکان ہر آن بدلتے رہے۔ نظریاتِ حیات میدانِ تصادم میں برسرِ پیکار رہے۔ Antithesis, Thesis اور Synthesis کا عمل عقلِ محض کی ابلہ فریبیوں میں عافیت کوش رہا۔ اس طرح انسان اپنے ہی ہاتھوں سراب کا شکار ہوتا رہا۔ مدت کے بعد پہلی جنگ عظیم کے اختتام پر اقوام مغرب نے جمیعتہ الاقوام (League of Nations) کی طرح ڈالی جو کردار اور عمل کے فقدان کی وجہ سے بری طرح ناکام ہوئی۔ علامہ اقبالؒ نے تو اسے کفن چوروں کی جماعت کہا تھا۔ اس کی ناکامی کی وجہ (Mr. Reeves) اپنی کتاب (Anatomy of Peace) میں لکھتا ہے کہ ''لیگ آف نیشنز'' کی ناکامی کی وجہ یہ تھی کہ وہ بین الاقوامیت کے غلط تصور پر قائم ہوئی تھی۔ اس کا خیال تھا کہ دنیا کی مختلف قوموں کے نمائندوں کو یک جا کر کے باہمی بحث وتمحیص سے دنیا کا امن قائم رکھا جاسکتا ہے۔ اس ناکام تجربے کے بعد ''لیگ آف نیشنز'' کی جگہ یعنی اس کا نام بدل کر (United Nations Organisation) اقوام متحدہ کی تنظیم کا قیام عمل میں لایا گیا۔ جس طرح سے یہ ناکام ہوئی ہے۔ اس کی مثال بھی تاریخ میں نہیں ملتی۔ وہ اس طرح کہ اس کی ایک سیکیورٹی کونسل ہے جس کے پندرہ مستقل رکن ہیں۔ ان میں سے پانچ یعنی امریکہ، برطانیہ، فرانس، روس اور چین کو حق استرداد (Veto) کا اختیار دیا ہوا ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی معاملہ سیکیورٹی کونسل منظور کردے تو ان میں سے کوئی رکن بھی اسے رد (Veto) کرسکتا ہے جس سے تمام کارروائی منسوخ ہوجاتی ہے۔ گویا ان کا یہ عمل ان کے اپنے وجود کی نفی ہے۔ ظاہر ہے جو جماعت اپنے وجود کی خود نفی کردے منطقی طور پر (Virtually) اس تنظیم نے پورے کے پورے ادارے کو کالعدم کرنے کے خود اسباب پیدا کر رکھے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ یہ دنیا کے مسائل حل کرنے میں بری طرح ناکام رہی ہے۔ دوسری اقوام کو تو چھوڑیئے، مسلمانوں کا کوئی مسئلہ آج تک حل نہیں ہوسکا۔ کشمیر کا مسئلہ 1948ء سے اس کے ایجنڈا پر ہے اور ابھی تک کوئی پیش رفت نہیں ہوئی۔ اسرائیل سے عرب علاقے خالی نہیں کرا سکی۔ افغانستان اور عراق آگ کے شعلوں میں گھرے ہوئے ہیں۔ اس کا کوئی فیصلہ نہیں کرا سکی۔ یہ چند مسائل ہیں جن کا تعلق عالم اسلام سے ہے۔ باقی علاقوں کے مسائل کا بھی کوئی خاطر خواہ حل نہیں ہوسکا۔ کافی عرصہ ہوا لندن کے اخبار ''ڈیلی میل'' نے لکھا تھا کہ جمعیت اقوام اپنی موجودہ

ہیئت میں امن عالم کے لئے سخت خطرہ کا موجب ہے اس لئے اسے فوراً ختم کر دینا چاہئے'' اور اس کی وجہ (Mr. Reeves) کے الفاظ میں یہ ہے کہ ''ہمارے سامنے جو مسئلہ ہے۔ وہ قوموں کے باہمی تعلقات کا مسئلہ نہیں بلکہ اصل مسئلہ یہ ہے کہ نیشنلزم نے انسانی معاشرہ میں جو خلجان پیدا کر رکھا ہے اسے کس طرح دور کیا جائے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ یہ خلجان نیشنلزم یا انٹرنیشنلزم کے ذریعے دور نہیں ہوسکتا۔ جس چیز کی ضرورت ہے وہ نوع انسانی کی برادری ہے نہ کہ بین الاقوامیت۔ یعنی یہ وہی چیز ہے جسے علامہ اقبال نے کہیں پہلے ان الفاظ میں کہا تھا کہ

اس دور میں اقوام کی صحبت بھی ہوئی عام
پوشیدہ نگاہوں سے رہی وحدتِ آدم
تفریق ملل حکمتِ افرنگ کا مقصود
اسلام کا مقصود فقط ملتِ آدم
مکے نے دیا خاکِ جنیوا کو یہ پیغام
جمعیتِ اقوام کہ جمعیتِ آدم؟

یہ حشر ہوا اس نظریہ حیات کا جو وحی کی راہنمائی سے محروم تھا اور صرف عقل کے گھوڑے پر سوار تھا۔

لیکن صدیوں پہلے وحدت آدم کے لئے حضرت ابراہیمؑ نے مرکز انسانیت یعنی خانہ کعبہ کو از سرِ نو تعمیر کیا کیونکہ مرکز کے بغیر انسانوں کا ایک برادری بننا اور ایک پلیٹ فارم پر جمع ہونا ناممکن ہے۔ چنانچہ جب تعمیر کعبہ مکمل ہو چکی تو اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ سے کہا وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ (22/27) ''تمام نوع انسانی کو یہاں جمع ہونے (حج) کا اعلان کر دے'' اور اس کی غایت یہ بیان فرمائی کہ لِّيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ (22/28) ''تاکہ وہ اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کر لیں کہ نظام خداوندی کس طرح عالمگیر انسانیت کی منفعت بخشیوں کا ضامن ہے۔''

نصوص قرآنی سے حج کی جو تفصیلات ظاہر ہوتی ہیں وہ اس طرح ہیں کہ تمام دنیا کے انسان بلا تفریق رنگ و نسل اور بلا امتیاز وطن و زبان، جو اس نصب العین پر ایمان رکھتے ہوں کہ دنیا میں کسی انسان کو دوسرے انسان پر حکومت کرنے کا حق نہیں، محکومیت صرف خدا کے قانون کی جائز ہے، جو انسانی تقاضوں کا ترجمان ہے، اپنے اپنے ملکوں سے اپنے نمائندے چنیں۔ یہ نمائندے اپنے میں سے ایک منتخب کردہ امیر کی زیر قیادت، مرکز وحدت انسانیت، یعنی بیت اللہ کی طرف روانہ ہوں۔ عرفات کے میدان میں ان تمام نمائندگان کا باہمی تعارف ہو۔ پھر یہ تمام امرا اپنے میں سے ایک امیر الامرا کا انتخاب کر لیں اور مختلف ممالک کے احوال و ظروف کو سامنے رکھ کر باہمی مشاورت سے ایسا پروگرام مرتب کر لیں جو آئندہ سال کے

لئے اصولی طور پر بطور مشترکہ پالیسی اختیار کیا جائے۔ اس کو آج کل کی اصطلاح میں ''سالانہ ترقیاتی پروگرام'' (Annual Development Programme) کہا جاتا ہے۔ پھر ان کا منتخب کردہ امام اپنے خطبۂ حج میں اسی پروگرام کا اعلان کردے جو دنیا کے گوشے گوشے تک پہنچ جائے۔ اس کے بعد یہ تمام نمائندگان' مقام منیٰ میں جمع ہو کر اس اصولی پروگرام کی تفصیلات و جزئیات پر غور کریں اور یہ سوچیں کہ ایک دوسرے ملک پر ان کے (Pros and Cons) کا عملی اثر اور ردعمل کیا ہوگا۔ وہاں باہمی مذاکرات بھی ہوں گے' اور دعوتیں اور ضیافتیں بھی ہوں گی جس کے لئے بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ (5/1) کا ذبیحہ تجویز کیا گیا ہے جسے عرف عام میں قربانی کہتے ہیں۔ آخر میں یہ نمائندگان طواف کعبہ کے بعد اپنے اپنے ملکوں میں واپس آجائیں گے اور اس طے شدہ پروگرام کے مطابق اپنے اپنے لوگوں اور نظم و نسق کو چلائیں گے۔ یہ ہے وہ عملی طریقہ جو قرآن حکیم نے تمام نوع انسانی کو ایک امت واحدہ بنانے اور ان کے تمدنی مسائل کا حل تجویز کرنے کے لئے بتایا ہے۔

قرآن حکیم کی رو سے اس اجتماع کی مکمل کارروائی کے لئے کم از کم تین مہینے بتائے ہیں۔ اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ (2/197) اس سے زیادہ بھی ہو سکتے ہیں۔

یہیں سے اقوام متحدہ نے بھی اپنے سالانہ اجلاس کے لئے کم از کم تین مہینے مقرر کر رکھے ہیں۔

لے گئے تثلیث کے فرزند میراثِ خلیل

فریضۂ حج کا تقاضا ہے کہ اپنے اپنے ممالک کو لوٹ کر سب کچھ بھولنا نہیں بلکہ تم جہاں کہیں بھی ہو دنیا کے کسی گوشہ میں بھی ہو' زندگی کے کسی شعبہ میں مصروف تگ و تاز ہو اپنی توجہات کا رخ اسی مرکز کی طرف رکھو اور جو پروگرام وہاں سے مرتب کر کے لائے تھے۔ اس کا احترام کرنا ہوگا اور اسے پایہ تکمیل تک پہنچانا ہوگا' کیونکہ آئندہ سال اپنی Progress Report وہیں جا کر پیش کرنا ہوں گی۔ اسی لئے خانہ کعبہ کو قبلہ کہا گیا ہے جس کو ہر وقت اپنے سامنے رکھا جائے۔ اگر کسی وجہ سے تکمیل پروگرام (A-D-P) میں کوئی کمی رہ گئی ہو تو اس کے (Bottle Necks) حج کے دوران بیان کرنا ہوں گے تاکہ ان کا تدارک کیا جا سکے۔ اسی لئے حج کا مقصود قرآن حکیم میں خاص طور پر دو مقامات پر مختصراً بیان کر دیا گیا ہے۔ ایک لِّيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ (22/28) تاکہ لوگ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں کہ اس میں ان کے لئے کس قدر فائدے ہیں اور اس کی غائت الْحَرَامَ قِيٰمًا لِّلنَّاسِ (5/97) یعنی اس سے دنیا میں انسانیت قائم رہے۔

تصریحات بالا سے ظاہر ہے کہ حج سے مقصود جمعیت آدم'' کی تشکیل تھا۔ لیکن آج حج چند رسوم کا بے جان اور بے مقصد مجموعہ بن کر رہ گیا ہے۔ مسلمانوں کی لامرکزیت کی وجہ سے عالم اسلام چاروں طرف سے مصائب سے گھرا ہوا ہے۔ غیر خدائی قوتیں ان کے خلاف ایک متحدہ محاذ قائم کئے ہوئے ہیں کہ دنیا کے نقشہ پر کہیں انکا نشان رہنے نہ پائے۔ لیکن ملت

اسلامیہ تختۂ غفلت پر سوئی ہوئی خراٹے لے رہی ہے۔ مسلمان ملکوں پر جو گزر رہی ہے آسمان کی آنکھ بھی اس پر پرنم ہے۔

''تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ اللہ کی راہ میں جنگ نہیں کرتے؟ حالانکہ کتنے ہی بے بس مرد اور عورتیں اور بچے ہیں جو (ظالموں کے ظلم وتشدد سے عاجز آ کر) فریاد کر رہے ہیں۔ خدایا ہمیں اس بستی سے جہاں کے باشندوں نے ظلم وتشدد پر کمر باندھ لی ہے نجات دلا اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا کارساز بنا دے اور اپنی طرف سے کسی کو ہماری مددگاری کے لئے کھڑا کر دے''۔ القرآن 4/75۔

پاکستان تو کجا دنیا کا کوئی ملک ایسا ہے جو خدا کے متذکرہ حکم کے تحت مسلمانوں کی مدد کو پہنچ سکے؟ یہ وہی معاشرہ یعنی مرکز ملت (Central Authority) ہو سکتا تھا جس کی خصوصیت اقبالؒ کے الفاظ میں یہ ہوتی کہ ؎

مبتلائے درد کوئی عضو ہو روتی ہے آنکھ
کس قدر ہمدرد سارے جسم کی ہوتی ہے آنکھ

اسلامی معاشرہ یعنی مرکز ملت کی حیثیت آنکھ جیسی ہوتی ہے۔ اگر انسانی جسم کے کسی حصہ میں تکلیف ہو تو آنکھ کو چین نہیں۔ اسی طرح اگر دنیا کے کسی حصہ میں کسی ایک مسلمان پر بھی ظلم ہو رہا ہو تو مرکز ملت حرکت میں آ جاتا ہے اور ظلم کو کیفر کردار تک پہنچاتا ہے۔ لیکن افسوس! اس وقت وہ مرکز ملت کہاں جو قرآن کے قانون اور حکم کی قوت نافذہ بنتا!

قوموں کے لئے موت ہے مرکز سے جدائی
ہو صاحبِ مرکز تو خودی کیا ہے خدائی

ہماری لامرکزیت ہمارے زوال اور انحطاط کا سبب ہے۔ اس لئے حج چند رسوم کا بے جان اور بے مقصد مجموعہ بن کر رہ گیا ہے۔ مسلمانوں کے نمائندے مختلف مقامات پر کانفرنس منعقد کرنے پر ہی اکتفاء کئے ہوئے ہیں۔ عملی طور پر کچھ نہیں ہو سکا۔ لیکن ؎

نہیں ہے ناامید اقبال اپنی کشتِ ویراں سے
ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی

یہ نمی تمسک بالقرآن سے پیدا ہو گی اور پھر جب ہم نے اپنے اللہ سے' بھلایا ہوا عہد استوار کر لیا اور پھر اسی مرکز کو زندہ کر دیا' جس کی زندگی سے تمام نوع انسانی کی زندگی وابستہ ہے' اقوام عالم کی امامت ہمارے حصے میں آ جائے گی۔ ہماری زندگی کے چشمے کی سوتیں عرفات کے منبر سے پھوٹیں گی اور اسی سے ہماری کشت حیات سرسبز و شاداب ہو گی۔ آج مسلمانوں کو حج کا فریضہ پکار پکار کر کہہ رہا ہے کہ اس سے مقصود یہ ہے کہ ؎

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے
نیل کے ساحل سے لے کر تابخاکِ کاشغر

ملک منظور حسین لیل۔ بھکر
0332-7636560
mhleeladv@yahoo.com

قسط اوّل

پرویز صاحب کا نظریۂ اسلامی مملکت

(قرآنی حکومت)

اور جو لوگ ما انزل اللہ (قرآن) کے مطابق حکومت قائم نہیں کرتے، وہی لوگ کافر، ظالم، فاسق ہیں (5/44-45-47)۔

انسان کی طرف آخری وحی (قرآن کریم) کا اوّل و آخر منشاء ایک ایسی حکومت کا قیام ہے جو انسان کے ہر قسم کے مسائل کو اطمینان بخش طریقے سے حل کر سکے۔ حضور کریم ﷺ کی زندگی مبارک پر نگاہ ڈالی جائے تو نظر آئے گا کہ اُن ﷺ کی زندگی کی ہر سرگرمی اور ہر عمل کا رُخ ایک قرآنی مملکت کے قیام کی طرف رہا۔ اُن ﷺ کی پوری زندگی کی جدوجہد، اُن ﷺ کا اعلانِ نبوت، تبلیغ، مقابلہ مخالفت اور مقابلہ مصائب و مشکلات، جنگیں، ہجرت، عبادات، محنت، سب کا مقصد و منشاء ایک مثالی اسلامی حکومت کا قیام تھا۔ اُن ﷺ کے اُسوہ حسنہ کا نتیجہ اور نچوڑ آخر کیا تھا؟۔ مدینہ منورہ میں ایک اسلامی حکومت کا قیام۔۔ حضور کریم ﷺ کے اُسوہ حسنہ کو انسانیت کے لئے بہترین نمونہ زندگی قرار دیا گیا ہے۔ لہٰذا تمام مسلمانوں پر فرض ہے کہ وہ پیروی اُسوہ رسول آخر الزماں ﷺ میں ایک اسلامی حکومت کے قیام کے لئے دن رات محنت و کوشش کریں اور اُن کی زندگی کی ہر سرگرمی اور ہر عمل کا منتہائے مقصود ایک قرآنی حکومت کا قیام ہو۔

حضور ﷺ کی مکّی زندگی:

پرویز صاحب اسلامی حکومت کے قیام کو دین اسلام کا اصل و اولیں مقصدِ رسالت قرار دیتے ہوئے طلوع اسلام مارچ 1979ء صفحہ نمبر 28 پر لکھتے ہیں:۔ ''بعض کوتاہ بینوں کی طرف سے کہا جاتا ہے کہ جب تک حضور ﷺ مکّہ میں رہے، اسلام کو وعظ و نصیحت تک محدود رکھا۔ لیکن جب مدینہ میں مملکت حاصل ہوئی تو سیاسی، معاشرتی، معاشی شعبوں کو مذہب کے دائرہ میں لے آیا گیا۔ یہ قطعاً غلط ہے۔ نبوت کے آغاز ہی سے حضور ﷺ کے پیش نظر مملکت کا نظام تھا۔ مکّی زندگی اس مقصد کے حصول کی تیاری کا زمانہ تھا۔ کیونکہ قرآن کریم نے واضح کر دیا تھا کہ اسلامی مملکت، ایمان اور اعمال صالح کے نتیجہ میں حاصل ہوتی ہے۔

مقصودِ رسالت:

تاریخ الکامل ابن اثیر میں ہے کہ حضور ﷺ نے اپنی دعوت کے آغاز میں خود اپنے اہل خاندان کے نام جو پیغامات

بھیجے، ان میں ایک پیغام میں فرمایا:۔ یاد رکھو! تمہاری قوم میں آج تک کوئی ایسا جوان پیدا نہیں ہوا جس نے تمہارے سامنے اس نصب العین سے بہتر نصب العین رکھا ہو جو میں پیش کر رہا ہوں۔ میں تمہارے پاس دنیا اور آخرت دونوں کی بہتری کے لئے آیا ہوں۔ خدا کی بالادست حکومت کی طرف سے مجھے ہدایت ملی ہے کہ میں تمہیں اس کی طرف دعوت دوں۔ مجھے حکومتِ خداوندی کے امور سرانجام دینے کے لئے وزراء کی ضرورت ہوگی۔ کون ہے جو میرے ساتھ وزیر کی حیثیت سے کام کرے؟۔۔۔ اسی ضمن میں تاریخ الکامل ہی میں ایک اور واقعہ مذکور ہے۔

لکھا ہے:۔ شداد بن اوس کا بیان ہے کہ ہم میں سے کچھ لوگ دربارِ نبوی ﷺ میں حاضر تھے کہ قبیلہء عامر کا ایک معزز اور بزرگ سردار، اپنا عصا ٹیکتے اس حلقہ میں پہنچا۔ اس نے حضور ﷺ کی دعوت کے متعلق بہت سے سوالات کئے۔ اس سلسلہ میں اس نے کہا کہ:۔ لکل قول حقیقۃ۔ وما حقیقۃ قولک۔ ہر دعویٰ کا کوئی نہ کوئی ٹھوس ثبوت ہوتا ہے۔ آپ کے دعویٰ کی صداقت کا ثبوت کیا ہے؟۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں اپنے باپ ابراہیم اور بھائی عیسیٰ کی ذمہ داریوں، بشارتوں اور عظمت و اقتدار کا حامل ہوں۔ عامری نے یہ سن کر کہا کہ اگر میں ان ذمہ داریوں کو پورا کردوں تو مجھے کیا ملے گا؟۔ آپ ﷺ نے فرمایا، جنت کے باغات۔ اُس نے کہا کہ یہ تو آخرت کی بات ہے۔ میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ اس سے اس دنیا میں کیا حاصل ہوگا؟۔ آپ ﷺ نے فرمایا:۔ نعم النصر والتمکین فی البلاد۔ خوش آئند فتوحات اور ملکوں پر حکومت۔۔۔ اس سے واضح ہے کہ آغازِ نبوت ہی سے حضور ﷺ کے پیشِ نظر ایک مملکت کا حصول تھا جس میں ایسا نظام قائم کیا جا سکے جس کی نظیر کہیں نہ ملتی ہو۔ یہی مقصودِ رسالت تھا۔''

سنتِ رسول ﷺ:

اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل میں، خدا کی حکومت کے قیام کا فرض، اللہ کے آخری پیغمبر ﷺ نے مدینہ میں جا کر ادا فرمایا۔ اس میں شک نہیں کہ، اس طرح حضور ﷺ کی سب سے بڑی سنت ایک مثالی اسلامی مملکت اور حکومت کا قیام ہے۔ ہمارے علماء و صلحاء اٹھتے بیٹھتے عبادات اور ذاتی معاملات میں سنت پر زور دیتے ہیں مگر ایک اسلامی ریاست اور حکومت کے قیام اور حکومتی معاملات میں ''سنتِ رسول ﷺ'' کا نام تک نہیں لیتے۔ اگر نام لیتے یا سیاست میں حصہ لیتے بھی ہیں تو سیکولر انداز میں۔ وجہ صاف ظاہر ہے کہ ہمارے علماء اور اہلِ تصوف (مذہبی پیشواء) عملاً سب سے زیادہ سیکولر ہیں یعنی دین (مذہب) کو سیاست سے دور رکھنے کے قائل ہیں (مئولف)۔

مقصد:

قرآن کریم نے بعثت نبی اکرم ﷺ کا مقصد یہ بیان فرمایا ہے کہ:۔ ''یہ ان زنجیروں کو توڑ ڈالے گا جن میں انسانیت

جکڑی ہوئی تھی اور اس کے سر سے ان سلوں کو اتار پھینکے گا جن کے نیچے وہ بری طرح دبی ہوئی تھی'' (۷/۱۵۷)۔ علامہ پرویز صاحب کی نظر میں قرآن کریم کا اول و آخر مقصد و منشاء ایک ایسی حکومت کا قیام ہے جس میں انسان کو انسان پر حق حکومت حاصل نہ ہو۔ انسان آزاد ہو۔ انسان انسان پر ظلم نہ کر سکے۔ جس کا مقصد ہر انسان کو بلا تفریق و تخصیص ہر قسم کے حقیقی (سیاسی، معاشی، معاشرتی) انصاف کی ضمانت فراہم کرنا ہو۔ علامہ اقبال کے الفاظ میں:۔

کس نہ باشد در جہاں محتاجِ کس
نکتہء شرعِ مبیں ایں است و بس

(نظامِ شریعت کا بنیادی نکتہ، تقاضا اور مقصد یہ ہے کہ اس دنیا میں کوئی انسان کسی بھی لحاظ سے کسی دوسرے انسان کا دست نگر، محتاج اور غلام نہ رہے)

کیونکہ اسلام کا نظام: موت کا پیغام ہر نوعِ غلامی کے لئے۔

فریضۂ رسالت:

عالمِ انسانیت کے لئے اس قسم کے مثالی منصفانہ نظام کے قیام کی خاطر ''اسلامی حکومت کا بنیادی فریضہ قرآنی احکام کو معاشرہ میں نافذ کرنا ہے۔ اس کا نام دین ہے۔'' (تبویب القرآن۔ جلد دوم۔ باب حکومت)۔ یہ فریضہ سب سے پہلے جناب رسول کریم ﷺ نے ادا فرمایا تھا۔ پرویز صاحب اپنی کتاب ''شاہکارِ رسالت'' کے باب اول میں ''فریضہء رسالت'' کے تحت رقمطراز ہیں۔ ''خدا کی طرف سے سلسلہء رشد و ہدایت کا مقصد، انسانوں تک صحیح تعلیم پہنچا دینا ہی نہیں تھا۔ اس کی غائیت یہ تھی کہ انسانی زندگی کے، انفرادی اور اجتماعی، ہر گوشے میں خوشگوار انقلاب پیدا کر کے، کاروانِ انسانیت کو صحیح راستے پر گامزن کر دیا جائے، تاکہ اس طرح، زندگی، رفتہ رفتہ، اپنی منزلِ مقصود تک پہنچ جائے۔ یہی وہ مقصد تھا جس کے لئے پیغامِ خداوندی کو حروف و نقوش کی شکل میں دینے پر ہی اکتفاء نہیں کیا جاتا تھا، بلکہ اسے خود انسانوں میں سے ایک فرد کے ذریعے، عام کیا جاتا۔۔۔ اس منتخب فرد کا (جسے رسول کہا جاتا تھا) یہ فریضہ تھا کہ وہ، اس پیغام کو عام کرنے کے بعد، ایسی قوم تیار کرے جو اس پیغام کا عملی پیکر بنے، اور اس نظام کو متشکل اور متمکن کر کے دکھا دے جو اس پیغام کی غائیت تھا۔ اس سے ظاہر ہے کہ رسول کا فریضہء زندگی کس قدر اہم اور اس کی ذمے داری کیسی گراں بار ہوتی تھی۔ قرآن کریم نے رسول کے اس عظیم فریضہ کو چند مختصر الفاظ میں یوں بیان کیا ہے کہ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ (2/129)۔ وہ ان کے سامنے قوانینِ خداوندی پیش کرتا ہے، انہیں ان کی غرض و غائیت کی تعلیم دیتا ہے اور پھر مسلسل و پیہم تربیت سے ان کے جوہر انسانیت کی نشوونما کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی وہ اس قسم کے تعلیم و تربیت یافتہ انسانوں کے دلوں کو یک نگہی اور یک

مقصدی کے رشتوں میں منسلک، اور انہیں باہم دگر پیوست کر کے ایک ایسی اُمت کی تشکیل کرتا ہے جو اس پیغامِ خداوندی کو عملی نظام کی شکل میں دنیا کے سامنے پیش کرتی ہے۔ قرآن کریم خدا کا آخری پیغام تھا جس کے اندر وہ تمام قوانین و اصولِ حیات، جامع اور غیر متبدل شکل میں محفوظ کر دیئے گئے تھے جن کے مطابق عالمگیر انسانیت کو آخرالامر ایک حیات پرور اور انسانیت ساز نظام کے تابع زندگی بسر کرنی تھی۔''

ربّ:

اگر قرآن کریم کی پہلی آیت: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔ پر تدبر کیا جائے تو یہ حقیقت اُبھر کر سامنے آجائے گی کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی پہلی آیت میں نزولِ کتاب کا مقصد بیان فرما دیا ہے۔ سوچنے کی بات ہے کہ آخر، اللہ تعالیٰ نے اپنے متعدد صفاتی اسماء میں سے، پہلی آیت میں صرف ''رب'' ہی کے لفظ کا انتخاب کیوں کیا۔؟ ''رب'' کے لفظ (دراصل ایک اہم قرآنی اصطلاح) کا عام ترجمہ ''پالنے والا'' کیا جاتا ہے کہ۔ ''تعریف اُس خدا کی جو دونوں جہانوں کا پالنے والا ہے۔'' آیت کے اس ترجمے سے مترشح ہوتا ہے کہ جب پالنے والی اللہ جیسی ہستی ہو تو پھر دنیا میں کوئی بھوکا نہیں مر سکتا۔ جبکہ زمینی حقائق یہ ہیں کہ روزانہ سینکڑوں افراد بھوک سے مر جاتے ہیں یا خودکشی کر لیتے ہیں۔ تو پھر ''رب'' کا ''پالنا'' چہ معنی دارد۔؟

لفظ ''ربّ'' کی جامعیت:

دراصل ''رب'' کا مطلب ہے۔ ''ایک ایسی ہستی یا طاقت جو کسی کی اس طرح نشوونما کرے کہ نشوونما پانے والے کی زندگی کی ہر منزل اور ہر سطح کی ضروریات کو اطمنان بخش طریقے سے پورا کرتی جائے۔'' اسی لئے پرویز صاحب نے ہر جگہ ''رب'' کا مفہوم ''نشوونما دینے والا'' ہی بتایا ہے۔ ہر منزل کی ضروریات کو پورا کرنے کی ذمے داری اللہ تعالیٰ نے خود لے رکھی ہے، لیکن جس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنی آخری کتاب نازل تو فرما دی مگر طاقت رکھنے کے باوجود اسے خود نافذ نہیں کیا بلکہ اس کے نفاذ کی ذمے داری (مومن) انسان کو دے دی۔۔ اسی طرح ''رب'' نے ''رزق اور رزق کے اسباب'' تو پیدا کر دیئے مگر ان کا انتظام وانصرام اور تقسیم کی ذمے داری انسان کو دے دی۔ (البتہ تقسیمِ رزق کے اصول وقواعد اپنی آخری کتاب میں دے دیئے۔) لہٰذا نظامِ ربوبیت (اسلامی حکومت) کے قیام کی ذمے داری مومنین پر عائد ہوتی ہے۔ غور فرمایئے کہ کیا ''رب'' کی جامع قرآنی اصطلاح میں صرف ''پالنے والے'' کا محدود سا تصور موجود ہے؟ نہیں!۔ اس ایک لفظ میں معانی ومفاہیم کا ایک بحرِ بیکراں سمٹا ہوا ہے۔ اس میں اسلام کا پورا نظامِ معیشت سمویا ہوا ہے۔ ظاہر ہے کہ معاشی نظام ہی کسی سیاسی نظام کی بنیاد ہوتا ہے ۔

لفظ ''ربّ'' کا مفہوم:

''رب'' کے لفظ کے اندر اسلام کے (معاشی وسیاسی) دونوں نظام مضمر اور موجود ہیں۔ موءلف کی نظر میں لفظ ''رب'' کا

مفہوم "ہر قسم کی خامیوں اور غلطیوں سے پاک، ہر لحاظ سے ایک مکمل (perfect) نظامِ معیشت عطا کرنے والا" زیادہ مناسب ہے۔ لہٰذا ہمیں قرآن کریم کی پہلی آیت میں "رب" کا ترجمہ صرف "پالنے والا" کہہ کر یونہی آگے نہیں بڑھ جانا چاہیئے بلکہ اس اصطلاح کے منشاء کو سمجھ کر، اس کے مطابق اپنی سرگرمیوں کا رُخ اصل مقصد (قیامِ اسلامی مملکت) کی طرف موڑ دینا چاہیئے (موءلف)۔

طلوعِ اسلام فروری 1972ء، ص:45: "قرآن کریم (میں سورہء فاتحہ) کی ابتداء۔ الحمدللہ رب العالمین۔ سے ہوتی ہے۔ اس کا مفہوم یہ ہے کہ خدا درخورِ حمد وستائش اس لئے ہے کہ وہ کائنات کی نشوونما کرتا ہے۔ اور قرآن کی آخری سورت میں رب الناس کہا گیا ہے۔ یعنی پوری نوعِ انسانی کو سامانِ نشوونما بہم پہنچانے والا۔ انسانی دنیا میں خدا کی یہ ذمہ داری اس مملکت کے ذریعے پوری ہوتی ہے جو اس کے نام سے قائم کی جاتی ہے۔ یہ مملکت بھی اسی لئے مستحقِ حمد وستائش ہوتی ہے کہ یہ افرادِ معاشرہ کی بنیادی ضروریاتِ زندگی مہیا کرتی ہے۔۔ اور ان کی انسانی صلاحیتوں کی نشوونما کا انتظام کرتی ہے۔۔۔۔۔ اگر وہ ایسا نہیں کرتی تو قطعاً مستحقِ تعریف وتوصیف قرار نہیں پاسکتی۔ یہ وجہ ہے کہ قرآنی مملکت کے اربابِ بست و کشاد ہمیشہ اس فریضہ کی ادائیگی میں مصروفِ تگ وتاز رہتے ہیں۔ وہ سزاوارِ حمد وستائش قرار ہی اس وقت پاتے ہیں جب وہ یہ کچھ کر کے دکھائیں۔ ان کے برعکس، دوسرے اربابِ اقتدار کی کیفیت یہ ہوتی ہے کہ: يُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا (3/187)۔ ان کی ہر وقت یہ خواہش ہوتی ہے کہ ان کی تعریف ان کاموں کی بناء پر کی جائے جنہیں وہ سرانجام نہیں دیتے۔۔ قرآنی مملکت میں ایسا کبھی نہیں ہوسکتا۔ اس میں یہ لوگ سب کچھ کر کے بھی کسی صلہ کی توقع یا ستائش کی تمنا نہیں رکھتے۔ اگر کوئی بے ساختہ ان کا سپاس گزار ہونا بھی چاہتا ہے تو وہ اس سے کہہ دیتے ہیں کہ: لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا (76/9)۔ ہم تم سے کسی معاوضہ کے تو ایک طرف، شکریہ تک کے بھی متمنی نہیں ہیں۔"

نظامِ ربوبیّت:

طلوعِ اسلام ستمبر 1983ء، ص:2:۔ "پاکستان میں برسوں سے "اسلامی نظام" کے الفاظ زبان زدِ عام ہیں، لیکن ہر اس قوم کی طرح جس کی منزل متعین نہ ہو، ان الفاظ کا مفہوم کسی کے ذہن میں نہیں۔ کسی نظریہ یا اقدام کے اسلامی یا غیر اسلامی ہونے کا کوئی معیار مقرر نہیں۔ اور چند تعزیری قوانین کو "نظام" سمجھ لیا گیا ہے۔ نظام نام ہوتا ہے کسی معاشرہ کی ہیئتِ اجتماعیہ کا۔ لہٰذا، اسلامی نظام کے معنی ہوں گے، ایسا معاشرہ جس میں اسلام (یعنی قرآن) کے تقاضے من حیث الکل پورے ہوتے ہیں۔ قرآن کریم نے ان تقاضوں کا آغاز، اپنے افتتاحیہ (سورہء فاتحہ) کی پہلی آیت سے کر دیا ہے۔ جب کہا کہ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (1/1)۔ "خدا کی ذات مرجع حمد وستائش ہے، اس لئے کہ اس نے ربوبیتِ عالمینی کا ذمہ لے رکھا ہے۔" "ربوبیت" کے معنی ہوتے ہیں کسی شے کی نشوونما کے لئے جس سامان کی ضرورت ہو، اسے مہیا کرنا۔ انسان عبارت ہے

اس کے جسم اور ذات (نفس یا خودی) سے۔ اس کی ذات کی نشوونما کا سوال تو الگ ہے۔ اس کے جسم کی نشوونما کے لئے رزق کی ضرورت ہوتی ہے۔ جس میں انسان کی جملہ طبعی ضروریات آجاتی ہیں۔۔۔ رزق کی ذمہ داری کے متعلق خدا نے کہا ہے کہ: نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ (6/151)۔ ہم تمہارے رزق کے بھی ذمہ دار ہیں، اور تمہاری اولاد کے رزق کے بھی۔'' ۔ دین میں پیچیدگیاں پیدا کرنے والے کہا کرتے ہیں کہ رزق خدا نے اپنے ہاتھ میں رکھا ہوا ہے۔ اگر کسی کو روٹی نہیں ملتی یا اس کی اولاد بھوکی مرتی ہے، تو اس کی ذمہ داری کسی انسان پر عائد نہیں ہوتی۔ اگر خدا کو منظور ہوتا کہ یہ بھوکے نہ مریں تو وہ خود انہیں رزق مہیا کر دیتا۔ سنیئے کہ قرآن ایسا کہنے والوں کے متعلق کیا کہتا ہے۔ سورہ یٰسین میں ہے کہ: وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ ۔ ''جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو رزق تمہیں خدا نے عطا کیا ہے اسے دوسرے ضرورت مندوں کی ضرورت پوری کرنے کے لئے کھلا رکھو (اس پر سانپ بن کر نہ بیٹھ جاؤ)۔'' قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا أَنُطْعِمُ مَن لَّوْ يَشَاءُ اللَّهُ أَطْعَمَهُ (36/47) ''تو کفار مومنین سے کہتے ہیں کہ تم ہم سے کہتے ہو کہ ہم غریبوں کی روٹی کا انتظام کریں۔

انسان کے ہاتھوں:

اگر خدا کو منظور ہوتا کہ وہ بھوکے نہ رہیں، تو وہ خود ہی انہیں روٹی کھلا دیتا۔'' خدا کی طرف سے اس کا جواب دیا گیا کہ: إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (36/47)۔ ''ان سے کہو کہ جو کچھ تم کہتے ہو، وہ کھلی ہوئی گمراہی ہے۔'' ۔ آپ نے غور فرمایا کہ خدا نے کیا کہا ہے؟ ۔ اس نے کہا ہے کہ یہ کہنا کہ خدا کو بھوکوں کی روٹی کا انتظام براہِ راست کرنا چاہیئے، کافرانہ ذہنیت اور گمراہانہ مسلک ہے۔ خدا بھوکوں کو براہِ راست روٹی نہیں کھلایا کرتا۔ وہ اپنی اس ذمہ داری کو انسانوں کے ہاتھوں پوری کراتا ہے۔ اور یہ اس نظامِ مملکت کی اوّلیں ذمہ داری ہوتی ہے، جو خدا کے نام پر قائم ہوتی ہے۔ اس نکتہ کی وضاحت کرتے ہوئے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ:۔ جس بستی میں کسی شخص نے اس حال میں صبح کی کہ وہ رات بھر بھوکا رہا، اس بستی سے خدا کی نگرانی اور حفاظت کا ذمہ ختم ہو گیا۔ اور اس کی عملی تفسیر حضرت عمرؓ نے ان الفاظ میں فرمائی تھی کہ:۔ اگر دجلہ کے کنارے کوئی کتا بھی بھوک سے مر گیا تو خدا کے ہاں، عمر سے اس کی بھی باز پرس ہوگی۔ اس حقیقت کو اس حدیث میں بڑے دلنشیں پیرایہ میں بیان کیا گیا ہے جسے (حسنِ اتفاق سے) صدرِ مملکت (ضیاء الحق) نے اپنے 12، اگست (1983ء) کے خطاب کے آخر میں پیش کیا تھا۔ اس روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت میں ایک شخص سے کہے گا کہ میں بیمار تھا، تم میری عیادت کے لئے کیوں نہیں آئے؟ ۔ وہ کہے گا کہ الٰہ العالمین! آپ کس طرح بیمار ہو سکتے ہیں؟ ۔ جواب ملے گا کہ میرا فلاں بندہ بیمار تھا۔ تم اس کی تیمارداری کے لئے نہیں گئے تھے۔ ایک اور شخص سے خدا کہے گا کہ میں پیاسا تھا۔ تم نے مجھے پانی پلایا تھا؟ ۔ وہ کہے گا باری تعالیٰ آپ کیسے پیاسے ہو سکتے ہیں۔ جواب ملے گا۔ میرا فلاں بندہ پیاسا تھا۔ تم نے اسے پانی نہیں پلایا۔ ایک اور شخص

سے وہ کہے گا کہ میں بھوکا تھا۔تم نے مجھے روٹی کھلائی تھی؟۔ وہ کہے گا کہ آپ کس طرح بھوکے ہو سکتے ہیں۔ جواب ملے گا۔ میرا فلاں بندہ بھوکا تھا۔تم نے اسے روٹی کھلائی تھی؟۔۔۔ یہ ہے کسی نظام کے اسلامی یا غیر اسلامی ہونے کا معیار!۔ یہ معیار ایسا محسوس اور مرئی ہے جسے اندھے بھی دیکھ سکتے ہیں، اور بہرے بھی سن سکتے ہیں۔اس کے لئے نہ کسی ''ہدایہ'' سے مشورہ کرنے کی حاجت ہے، نہ کسی ''شامی'' سے فتویٰ لینے کی ضرورت۔اس نظام کو دیکھنے کے لئے ہماری آنکھیں ترس گئی ہیں۔دیگر مسلم ممالک کو تو چھوڑیئے۔ حریمِ کعبہ کی فضاؤں تک میں بھی بھیک کے لئے ہاتھ پھیلے دکھائی دیں گے۔علّامہ اقبال نے، پاکستان کے مقاصد بیان کرتے ہوئے 1937ء میں قائدِ اعظمؒ کو ایک خط میں لکھا تھا کہ:۔اسلامی قانون کے گہرے اور طویل مطالعہ کے بعد، میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اگر اس نظام کو اچھی طرح سمجھ لیا جائے اور اسے عملاً نافذ کر دیا جائے تو اس سے کم از کم ہر فردِ معاشرہ کو روٹی کی ضمانت مل سکتی ہے۔لیکن اس ملک میں اس اسلامی شریعت کا نفاذ ناممکن ہے جب تک مسلمانوں کی اپنی آزاد (ایک یا ایک سے زیادہ) مملکتیں نہ ہوں۔ (اقبال کے خطوط بنام جناح، ص:16)۔وہ مملکت تو مل گئی لیکن اس شریعت کا نفاذ اس میں بھی نہ ہو سکا۔''

اسلام دین ہے:

اسلام ایک ''مذہب'' نہیں بلکہ ''دین'' ہے۔پرویز صاحب نے اپنی کتاب ''انسان نے کیا سوچا؟'' کے باب ''مذہب'' کے آخر میں فٹ نوٹ میں وضاحت کی ہے کہ:۔''قرآن نے مذہب کا لفظ کہیں استعمال نہیں کیا۔وہ دین کا لفظ استعمال کرتا ہے جس کے معنی ضابطہء زندگی یا قانونِ حیات کے ہیں۔وہ زندگی کی راہنمائی کے لئے چند غیر متبدل اصول یا مستقل اقدار دیتا ہے۔یہ اصول ملتے تو اُس سرچشمہء علم سے ہیں جو عقل سے ماوراء ہے لیکن وہ اس قدر علم و بصیرت اور عقل و شعور کے مطابق ہیں کہ قرآن انہیں عقل کی بنا پر منواتا ہے۔اس کے نزدیک وہ ایمان، ایمان ہی نہیں، جس کی تائید عقل و بصیرت نہ کرے۔ان غیر متبدل اصولوں کی چار دیواری کے اندر رہتے ہوئے، ہر دور کے انسان، اپنے زمانے کے تقاضے کے مطابق، جزئی قوانین خود مرتب کرتے ہیں۔جو معاشرہ اس طرح قائم ہوتا ہے اسے ''جماعتِ مومنین کا نظام'' کہتے ہیں۔مومن کے معنی ہیں دنیا کو امن کی ضمانت دینے والا۔اس معاشرہ کا نصب العین یہ ہوتا ہے کہ فطرت کی قوتوں کو مسخر کر کے اسے نوعِ انسان کی فلاح و بہبود کے لئے صرف کیا جائے۔''

دین سیاست سے جدا نہیں:

دنیا کے کسی بھی مذہب کے مقابلے میں، دینِ اسلام کا طرۂ امتیاز یہ ہے کہ اس میں دین اور دنیا الگ الگ نہیں۔اسلام دین کو سیاست سے جدا نہیں کرتا۔یہ ایک اجتماعی نظام ہے۔لہٰذا اسلام اللہ کے قوانین کے مطابق، اللہ کی زمین پر ایک حکومت

قائم کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔ جبکہ ''مذہب'' انسان کی ایک ''انفرادی'' سرگرمی ہے۔ مذہب کو انسان کے اجتماعی مسائل کے حل سے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی۔ اس میں انسان اپنی ''نجات اور بخشش'' کے چکر میں سرگرداں رہتا ہے۔ لہٰذا اسے حکومتی اور سیاسی معاملات سے کوئی سروکار نہیں ہوتا۔ مذہب چند عبادات پر سختی سے کاربند رہنے کو ذریعہء نجات سمجھتا ہے۔ جبکہ دین مکمل ضابطہء حیات ہونے کے سبب، سیاست (قیامِ اسلامی حکومت) کو اہم ترین فریضہ قرار دیتا ہے۔ اور دین میں اسی فریضہ کی انجام دہی ذریعہء نجات ہے (مئولف)۔

اسلام اور مذاہبِ عالم میں خصوصی فرق:

مولانا ابوالکلام آزادؒ کو دنیا کے نابغہء روزگار افراد میں شمار کیا جاتا ہے۔ انہوں نے قرآن کریم کا رواں ترجمہ ''ترجمان القرآن'' کے نام سے کیا تھا۔ جبکہ سورہء فاتحہ کی ایک طویل تفسیر ''اُم الکتاب'' کے نام سے شائع کی تھی جسے اُس وقت کے علماء نے ایک عظیم تفسیر قرآن قرار دیا تھا مگر بہت سے لوگوں نے اسے ایک سیاسی (کانگرس کی خاطر لکھی گئی) تفسیر قرار دیا تھا۔ ڈاکٹر ایس ایم اکرام اپنے سلسلہء کوثر کی کتاب ''موجِ کوثر'' میں مولانا کی اس تفسیر پر علماء کی تنقید کے بارے میں لکھتے ہیں کہ ''ان پر اعتراض کرنے والوں میں نہ صرف ان کے سیاسی مخالف مثلاً جناب غلام احمد پرویز تھے بلکہ ان کے محب اور عقیدت مند مولانا غلام رسول مہر نے بھی ان سے اختلاف کیا لیکن مولانا اپنی رائے سے نہیں ہٹے۔'' اس سلسلے میں علّامہ پرویز صاحب کے مجموعہء مضامین ''فردوسِ گُم گشتہ'' میں شامل مقالہ ''کیا تمام مذاہب یکساں ہیں؟'' کا مطالعہ فائدہ مند ہوگا۔ جناب پرویز صاحب ''مطالب الفرقان'' کی پہلی جلد میں آیت نمبر 2/3 کی تفسیر کرتے ہوئے **مولانا آزادؒ کی غلط نگہی** پر تبصرہ کرتے ہیں:۔

برہموسماجی تحریک:

''اس مقام پر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس مغالطہ کو بھی دور کر دیا جائے جو اس سورۃ کے محولہ بالا آیت (2/62) کے مفہوم سے پیدا کیا جاتا ہے۔ گزشتہ (انیسویں) صدی عیسوی میں بنگال (ہندوستان) کے ایک ہندو راہنما، راجہ رام موہن رائے، نے ایک تحریک اُٹھائی جو ''برہموسماج'' کے نام سے متعارف ہوئی۔۔ اس تحریک کی بنیاد اس نظریہ پر تھی کہ مختلف مذاہب کے پیروؤں میں سے ہر ایک کا یہ دعویٰ کہ حقیقت اور صداقت صرف اُن کے پاس ہے، کسی اور مذہب میں نہیں، باطل ہے اور ان کے باہمی اختلافات و نزاعات کا موجب۔۔ عالمگیر سچائیاں تمام مذاہب میں یکساں طور پر موجود ہیں۔ ان سچائیوں کو یکجا کر کے، انہیں صحیح تسلیم کر لینے سے تمام مذہبی نزاعات کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اس تحریک کا نام ''برہموسماج'' تھا۔ کچھ عرصہ تک اس تحریک کا چرچا رہا۔ لیکن یہ آگے نہ بڑھ سکی۔ 1931ء کے لگ بھگ مولانا ابوالکلام آزاد (مرحوم) نے اپنی مشہور تفسیر، ترجمان القرآن، کی پہلی جلد شائع کی تو اس نظریہ کو دہرایا گیا۔ اس میں انہوں نے لکھا کہ:۔ (1)۔ اسلام نے نہ

صرف یہی بتلایا ہے کہ ہر مذہب میں سچائی ہے بلکہ صاف صاف کہہ دیا کہ تمام مذاہب سچے ہیں۔(2)۔اس نے کہا کہ خدا کا ٹھہرایا ہوا دین ایک ہی ہے۔وہ دینِ حقیقی کیا ہے؟۔وہ کہتا ہے کہ ایک خدا کی پرستش اور نیک عملی کی زندگی۔جو انسان بھی ایمان اور نیک عملی کی راہ اختیار کرے گا،اس کے لئے نجات ہے،خواہ وہ تمہاری گروہ بندیوں میں داخل ہو یا نہ ہو۔۔(3)۔ اس نے صاف لفظوں میں اعلان کر دیا کہ اس کی دعوت کا مقصد اس کے سوا کچھ نہیں کہ تمام مذاہب اپنی مشترکہ اور متفقہ سچائی پر جمع ہو جائیں۔(4)۔ اس نے کہا کہ اصل دین (یعنی ایک خدا کی پرستش اور نیک عملی کی زندگی) کسی ایک گروہ کی میراث نہیں ہے کہ اس کے سوا کسی انسان کو نہ ملی ہو۔یہ تمام مذاہب میں یکساں طور پر موجود ہے۔(بحوالہ:۔ترجمان القرآن۔جلد اول۔۔۔1947ء، ایڈیشن۔صفحات نمبر 214، 213، 189، 266 کا تشریحی نوٹ)۔۔مولانا آزاد (مرحوم) مسلمانوں میں ایک عالمِ دین اور مفسّرِ قرآن کی حیثیت سے امتیاز حاصل کر چکے تھے اور ان کی زبان اور قلم کا لوگوں کے دلوں پر بڑا گہرا اثر تھا۔اور ان کی اس تفسیر کا مدتوں سے انتظار تھا۔چنانچہ جب یہ شائع ہوئی تو ہاتھوں ہاتھ اس کا استقبال ہوا۔اور مختلف گوشوں سے اس کی تعریف وتوصیف میں غلغلے بلند ہوئے۔لیکن جب میں نے دیکھا کہ اس میں کس قسم کا ''برہمو سماجی اسلام'' پیش کیا گیا ہے اور اس کے مضرت رساں اثرات کیا نتائج پیدا کر سکتے ہیں تو میں نے اس پر مبسوط تنقید کی جو دارالمصنفین (اعظم گڑھ) کے مشہور مجلہ ''معارف'' کی جنوری 1933ء کی اشاعت میں شائع ہوئی۔اس تنقید کو اربابِ نظر کے حلقہ میں خاصی مقبولیت حاصل ہوئی اور مختلف گوشوں سے مولانا آزاد کی تفسیر کے خلاف آوازیں بلند ہوئیں۔میں نے اس میں اصولاً دو نکات پیش کئے:۔(1)۔یہ کہنا تو صحیح ہوگا کہ عالمگیر سچائیاں ہر بانیٔ ''مذہب'' (نبی یا رسول) کو وحی کی رو سے یکساں طور پر ملی تھیں لیکن یہ کہنا غلط ہے کہ وہ سچائیاں آج بھی تمام مذاہب میں یکساں طور پر موجود ہیں،اس لئے کہ وہ دین جو ان انبیاء کرامؑ کو اپنے اپنے وقت میں ملا تھا کسی اہلِ مذہب کے ہاں اصلی،حقیقی اور غیر محرف شکل میں موجود نہیں۔یہ صرف قرآن کریم کے اندر موجود اور محفوظ ہے۔اور (2)۔یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم تمام اہلِ مذاہب کو رسول اللہ ﷺ کی رسالت اور قرآن مجید پر ایمان لانے کی دعوت دیتا ہے اور برملا کہتا ہے کہ اس کے سوا نجات وسعادت کی کوئی راہ نہیں۔

اس کے بعد مسلمانوں میں تو مولانا آزاد (مرحوم) کے اس نظریہ کا اثر کم ہوتا چلا گیا،لیکن ہندوؤں نے اسے بہت اچھالا۔چنانچہ جون 1941ء میں،شوالا پور،کے مقام پر ''تمام مذاہب کی کانفرنس'' منعقد ہوئی تو اس کے صدر پنڈت سُندر لال جی نے مولانا آزاد کی تفسیر کی تائید سے اس نظریہ کو ابھارا اور جب (تحریکِ پاکستان کے دوران) ہندوؤں کے سب سے بڑے لیڈر،مسٹر گاندھی نے،تمام ملک کے لئے ایک مشترکہ تعلیمی سکیم کا منصوبہ تیار کیا تو اس میں اس نظریہ کو خاص اہمیت دی گئی۔۔۔للہِ الحمد کہ اس زہر آلود اور اسلام کُش اسکیم کے بُت کو پاش پاش کرنے کی سعادت بھی اسی ہیچمیرز کے حصہ میں آئی

اور (اُس دور کے مجلہ طلوع اسلام میں شائع شدہ) ایک ہی مقالہ نے اس کا خاتمہ کر دیا۔ (یہ مقالہ ''واردھا کی تعلیمی اسکیم'' کے عنوان سے چھپا تھا اور اس کے بعد (متعدد زبانوں میں) اس کا پمفلٹ ہزارہا کی تعداد میں سارے ہندوستان میں تقسیم ہوا تھا۔ اس سے یہ فتنہ فرو ہوا تھا)۔''

بات دراصل یہ تھی کہ مولانا آزادؒ کا یہ نقطہء نظر تھا کہ تمام ادیان کی بنیادی سچائیوں میں کوئی فرق نہیں ہے جس پر پرویز صاحب نے سخت تنقید کی کہ اگر تمام ادیان کی بنیادی سچائیاں ایک جیسی ہی ہیں تو پھر اگر اسلام پر ایمان نہ لایا جائے تو فرق کون سا پڑے گا؟۔ پھر اسلام اور دیگر ادیانِ عالم میں فرق کیا ہے؟۔ ایسے حضرات جن باتوں کو ادیان کی بنیادی سچائیاں سمجھتے ہیں، اُن پر تبصرہ کرتے ہوئے پرویز صاحب اپنی منفرد تصنیف ''نظامِ ربوبیت'' کے تعارف میں وضاحت سے لکھتے ہیں کہ:۔

عقل خود بیں غافل از بہبودِ غیر
سودِ خود بیند، نہ بیند سودِ غیر
وحیٔ حق بینندۂ سودِ ہمہ
در نگاہش سود و بہبودِ ہمہ

(عقل، جو صرف اپنے آپ میں مگن رہتی ہے، دوسروں کی فلاح و بہبود سے غافل رہتی ہے۔ وہ صرف اپنے فائدے کو دیکھتی ہے، دوسرے کے فائدے کو نہیں دیکھتی۔ جبکہ وحیء حق سب کے فائدے کو نظر میں رکھتی ہے۔ اس کی نگاہ میں سب کی فلاح و بہبود ہوتی ہے۔ مؤلف)۔ آپ کسی مسجد کے منبر سے سنیئے یا جلسہ گاہ کی سٹیج سے، ہر مقام اور ہر گوشے سے یہ آواز آپ کے کانوں میں آئے گی کہ اسلام ایسی تعلیم پیش کرتا ہے جس کی مثال اور نظیر دنیا میں کہیں نہیں ملتی۔ یہ وہ ضابطہء حیات ہے کہ اگر ساری دنیا کے مفکرین، سیاسیین اور مصلحین اکٹھے ہو جائیں تو بھی اس جیسا مکمل ضابطہء حیات مرتب کرنا تو ایک طرف وہ اس کی کسی ایک شق کے مثل بھی مدون نہیں کر سکتے۔ یہ نوعِ انسانی کی تمدنی، معاشرتی، معاشی، سیاسی، اجتماعی اور انفرادی مشکلات کا واحد اور عدیم النظیر حل اپنے اندر رکھتا ہے۔ یہ دعویٰ (جس کی صداقت میں کوئی کلام نہیں) آپ کو ہر گوشہ سے سنائی دے گا۔ لیکن اگر آپ ان حضرات سے پوچھیں کہ اسلام کی وہ کونسی تعلیم ہے جو بے مثل و بے نظیر ہے اور جس کی مثال دنیا بھر کے مفکرین اکٹھے ہو کر بھی پیدا نہیں کر سکتے تو آپ حیران رہ جائیں گے کہ ان کے ہاں سے اس سوال کا کوئی اطمینان بخش جواب نہیں مل سکے گا۔ وہ اگر کہیں گے تو زیادہ سے زیادہ یہ کہ اسلام کی تعلیم یہ ہے کہ جھوٹ نہ بولو، چوری نہ کرو، بد دیانتی نہ کرو، بے انصافی نہ کرو، کسی کو ستاؤ نہیں، ہر ایک سے حسنِ معاملہ اور حسنِ سلوک سے پیش آؤ، سب کو بھائی بھائی سمجھو، ہر ایک سے ایک جیسا برتاؤ کرو وغیرہ وغیرہ۔ یا دوسری طرف وہ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ وغیرہ کے احکام کے مصالح اور منافع سامنے لے

آئیں گے۔ سوال یہ ہے کہ جہاں تک اس اخلاقی تعلیم کا تعلق ہے وہ کونسی چیز ہے جو اسلام کے سوا کہیں نہیں ملتی؟۔ یہ اخلاقی تعلیم دنیا کے تمام مذاہب میں مشترکہ طور پر پائی جاتی ہے۔ حتیٰ کہ جو لوگ کسی مذہب میں اعتقاد نہیں رکھتے اور خدا کی ہستی تک کے منکر ہیں، وہ بھی اس اخلاقی تعلیم کے قائل ہیں۔ وہ بھی یہ نہیں کہتے کہ جھوٹ بولنا اچھا ہے، چوری ضرور کرنی چاہیئے۔ لوگوں کو ستانا اور اُن پر ظلم کرنا قابلِ ستائش ہے۔ بددیانتی قابلِ فخر ہے۔ لہٰذا، اگر اسلام کی مابہ الامتیاز تعلیم یہی ضابطہء اخلاق ہے تو اس سے اس دعویٰ کی صداقت تو ثابت نہیں ہوسکتی کہ اس کی تعلیم بے مثل و بے نظیر ہے۔ باقی رہا نماز، روزہ وغیرہ کا سوال، تو آپ انہیں زیادہ سے زیادہ باقی مذاہب کے طریقِ عبادت اور رسومِ پرستش سے بہتر ثابت کر دیں گے۔ لیکن جب فریقِ مقابل آپ پر یہ اعتراض کرے گا کہ ان تمام شعائر کی پابندیوں کے باوجود، خود مسلمانوں کی جو حالت ہے، وہ کسی سے پوشیدہ نہیں، تو اس کا آپ کے پاس کوئی جواب نہیں ہوگا۔ اگر آپ کچھ کہیں گے تو فقط اتنا کہ اُن کی دنیاوی حالت تو بیشک خراب ہے لیکن اس سے اُن کی ''روحانی ترقی'' ہوتی ہے اور عاقبت سنورتی ہے اور یہ چیزیں دوسرے مذاہب میں حاصل نہیں کی جا سکتیں۔ لیکن یہ وہ دعویٰ ہے جس کا آپ کوئی ثبوت پیش نہیں کر سکتے۔ ''روحانی ترقی'' کسی خارجی معیار سے ماپی نہیں جا سکتی۔ نہ کسی محسوس ترازو سے اسے تولا جا سکتا ہے۔ دنیا میں ہر مذہب روحانی ترقی کا مدعی ہے اور آپ کے پاس کوئی معیار ایسا نہیں جس سے آپ علیٰ وجہ البصیرت ثابت کر سکیں کہ آپ کے مسلک و مشرب کے مطابق تو روحانی ترقی ہوسکتی ہے اور دیگر مذاہب کی روش پر چلنے سے ایسا نہیں ہوسکتا۔ باقی رہا آخرت کی نجات کا سوال تو اس کا ثابت کرنا روحانی ترقی سے بھی زیادہ مشکل ہے۔ ہر مذہب اس کا یکساں مدعی ہے اور کوئی مذہب بھی اس کا مرئی اور محسوس ثبوت پیش نہیں کر سکتا۔

(2)۔ آپ نے غور کیا کہ وہ دعویٰ جسے ہم تمام عمر سنتے اور دہراتے رہتے ہیں، ذرا سے غور و فکر کے بعد کس طرح بلا دلیل نظر آنے لگتا ہے۔ اس کے یہ معنی نہیں کہ یہ دعویٰ غلط ہے۔ یہ دعویٰ تو اپنی جگہ بالکل صحیح ہے اور اس کے سچا ہونے میں ذرا بھی شک و شبہ نہیں۔ لیکن ہم جن گوشوں میں اس کی صداقت کی دلیل تلاش کرتے ہیں وہ اس کی دلیل بہم نہیں پہنچاتے۔ اس کی دلیل ہمیں کسی اور گوشے میں ملے گی۔

روحانی ترقی:

قرآن کریم سے پہلے دنیا کے تمام مذاہب نے مذہب کا منتہیٰ ''روحانی ترقی'' اور ''اُخروی نجات'' قرار دے رکھا تھا۔ دنیاوی معاملات سے انہیں کوئی سروکار نہیں تھا۔ انہوں نے زمین کی بادشاہت ''قیصر'' کے سپرد کر رکھی تھی اور اپنے لئے آسمان کی بادشاہت مخصوص کر لی تھی۔ دنیا اور دنیا والوں کے معاملات ان کی نگاہوں میں اس قدر قابلِ نفرت تھے کہ وہ ان کے متعلق بات نہیں کرنا چاہتے تھے۔ دنیوی چیزوں کی کشش و جاذبیت ان کے نزدیک روحانی ترقی کے مانع اور اُخروی نجات

کے راستہ میں سنگِ گراں تھی۔ چونکہ روحانی ترقی اور اُخروی نجات کا دعویٰ ایسا تھا جس کے لئے کسی ثبوت کی ضرورت نہ تھی، اس لئے ہر مذہب کے پیرو اپنی اپنی جگہ مطمئن تھے کہ وہ حق پر ہیں اور باقی سب باطل پر۔ قرآن نے اس تصور میں کیا تبدیلی پیدا کی، اس کا ذکر ذرا بعد میں آئے گا۔ لیکن مسلمانوں نے قرآن کو عملاً چھوڑ دینے کے بعد بعینہٖ وہی مسلک اختیار کر لیا جو دیگر مذاہب نے اختیار کر رکھا تھا۔ انہوں نے بھی دنیا اور اس کے دھندے سلاطین کے سپرد کر دیئے اور مذہب کا دائرہ، روحانی ترقی اور آخرت کی نجات قرار دے لیا۔ لہٰذا اگر آپ چاہیں کہ آپ اس معیار کے مطابق اسلام کو مذاہبِ عالم کے مقابلہ میں بے مثل و بے نظیر ثابت کر دیں تو یہ ناممکن ہے۔ اس کے لئے نہ اُن کے پاس بین ثبوت ہے نہ آپ کے پاس۔'' مطلب یہ ہے کہ اسلام جن باتوں کو برائیاں کہتا ہے، دوسرے مذاہب بھی انہیں اچھائیاں قرار نہیں دیتے تو پھر اسلام اور مذاہبِ عالم میں فرق کونسا ہے؟ شروع میں کہا جا چکا ہے کہ اسلام ایک ''مذہب'' نہیں بلکہ ''دین'' (مکمل ضابطہء حیات) ہے۔ اس ضابطہء حیات میں دنیاوی (بشمول سیاسی) معاملات، دین سے الگ نہیں۔ مذاہبِ عالم اور دینِ اسلام میں بنیادی اور خصوصی فرق ہی یہی ہے کہ دینِ اسلام قرآن کریم کے مطابق ایک ایسی مملکت اور حکومت قائم کرنے کا تقاضا کرتا ہے (اور ایسی حکومت قائم نہ کرنے والوں کو کافر قرار دیتا ہے۔ ۵/۴۴) جو عالمِ انسانیت کے ہر قسم کے مسائل کو حل کرنے کی پوری پوری صلاحیت رکھتی ہے۔ کیونکہ اس کے پاس دنیا کا بے مثل و بے نظیر معاشی و سیاسی نظام موجود ہے (مؤلف)۔

مومن کی زندگی:

پرویز صاحب کا ایک مشہور مقالہ بعنوان ''مومن کی زندگی'' ہے جو طلوعِ اسلام جنوری ۱۹۸۰ء میں شائع ہوا تھا۔ اس میں وہ کہتے ہیں کہ:۔ ''قرآن کریم کی تعلیم، انسان کو کیا بنا دیتی ہے، اس کی تفصیل میں جایئے تو کئی مجلدات درکار ہوں گی لیکن اگر اسے اجمالی طور پر بیان کرنا چاہیں تو اس سے بہتر، جامع اور حسین انداز میں کچھ اور نہیں کہا جا سکتا جسے علامہ اقبال نے اس ایک مصرعہ میں سمو دیا ہے کہ:۔ ع:۔ آنچہ حق می خواہد، آں سازد تُرا۔ قرآن کی تعلیم انسان کو وہ کچھ بنا دیتی ہے جو کچھ خدا چاہتا ہے کہ یہ بن جائے۔ یعنی جس مقصد کے لئے انسان کو پیدا کیا گیا ہے، وہ مقصد پورا ہو جائے۔ اس کے سفر حیات کے لئے جو منزل مقرر کی گئی ہے، یہ اُس منزل و منتہیٰ تک پہنچ جائے۔

انسان اور حیوان میں فرق:

انسان اور دیگر حیوانات کی تخلیق میں ایک بنیادی فرق ہے۔ دنیا کے ہر حیوان نے جو کچھ بننا ہوتا ہے، وہ از خود وہ کچھ بن جاتا ہے، اس کے لئے اسے نہ کسی تعلیم و تربیت کی ضرورت ہوتی ہے، نہ سعی و کاوش کی حاجت۔ فطرت نے اس کے اندر جو کچھ بننے کے امکانات رکھے ہیں، وہ امکانات از خود بتدریج، مشہود ہوتے چلے جاتے ہیں تا آنکہ ایک عمر تک پہنچ کر، وہ حیوانی بچہ،

اپنی نوع کا مکمل فرد بن جاتا ہے۔۔۔شیر کا بچہ شیر بن جاتا ہے۔بکری کا بچہ بکری۔لیکن انسانی بچے میں فطرت نے جو مضمر صلاحیتیں رکھی ہوتی ہیں، اُن کی دو قسمیں ہیں۔ایک حیوانی یا طبیعی صلاحیتیں۔یہ دیگر حیوانات کی طرح از خود نشوونما پا کر، ایک منتہیٰ تک پہنچ جاتی ہیں۔اور وہ بچہ بالآخر 'آدمی' بن جاتا ہے۔دوسری صلاحیتیں انسانی ہیں۔یہ از خود نشوونما نہیں پاتیں۔انہیں مناسب تعلیم و تربیت سے نشوونما دے کر اجاگر کرنا ہوتا ہے۔

مومن:

قرآن کریم وہ پروگرام دیتا ہے جس سے فرد کی وہ مضمر صلاحیتیں پوری پوری نشوونما پا کر مشہود ہو جاتی ہیں اور پھر وہ انہیں ان مقاصد کے لئے صرف کرتا ہے جو اس کے لئے متعین کئے گئے ہیں۔جب وہ اس مقام پر پہنچ جائے گا کہ انسان وہ کچھ بن گیا جو کچھ بننا اس کے لئے مقصود و مطلوب تھا۔قرآن نے ایسے فرد کو مردِ مومن کہہ کر پکارا ہے۔اور انسان کی اس ہیئت کو ''احسن تقویم'' قرار دیا ہے (95/4)۔یعنی ایسی ہیئت جو حسن و توازن میں انتہا تک پہنچ گئی ہو۔۔۔جن خصوصیات کے مظہر یہ افراد ہوں انہیں صفاتِ مومنین کہا جاتا ہے۔اور جب یہ خصوصیات محسوس شکل میں سامنے آئیں تو انہیں ''اعمالِ صالح'' سے تعبیر کیا جاتا ہے۔یعنی ایسے کام جو اس فرد کی بھرپور انسانی صلاحیتوں کے اثمار و نتائج ہوں۔اور جن سے عالمِ انسانیت کے بگڑے ہوئے معاملات سنور جائیں۔جو معاشرہ ایسے افراد پر مشتمل ہو، اسے قرآن نے: ۔خَيْرَ أُمَّةٍ (3/109)۔''بہترین قوم جسے نوعِ انسان کی بہبود کے لئے پیدا کیا گیا ہے'' قرار دیا ہے اور: أُمَّةً وَسَطًا (2/142)۔

''یعنی ایسی قوم جسے عالمِ انسانیت میں مرکزی حیثیت حاصل ہو'' کا مقام دیا ہے۔۔۔سطحی نظر سے دیکھئے تو معاشرہ، جماعت یا اُمت، افراد ہی کے مجموعہ کا نام ہوتی ہے۔لیکن اجتماعی نفسیات پر نگاہ رکھنے والے جانتے ہیں کہ جماعت، افراد کی حاصل جمع (Sum Total) کا نام نہیں ہوتی۔اس کی اپنی خصوصیات ہوتی ہیں۔

اُمت کی خصوصیات:

اس لئے قرآن، افراد کی خصوصیات کے علاوہ، جماعتِ مومنین کا ذکر بھی خاص طور پر کرتا ہے۔ یا یوں کہئے کہ وہ افراد کی تعلیم، تربیت اور نشوونما کے علاوہ، ان اصول و ضوابط کی بھی وضاحت کرتا ہے جن کے مطابق ان افراد نے اجتماعی امور سر انجام دینے ہوتے ہیں اور جن کی بناء پر وہ ایک منفرد جماعت بنتے ہیں۔اور حقیقت یہ ہے کہ یہی وہ مقام ہے جہاں قرآنی تعلیم کی انفرادیت اور بے مثالیت نکھر کر سامنے آتی ہے۔اور اسی مقام کے سامنے نہ ہونے سے، اچھے اچھے سمجھ دار لوگوں کو بھی یہ دھوکا لگ جاتا ہے کہ ''عالمگیر سچائیاں تمام مذاہب میں یکساں طور پر پائی جاتی ہیں'' (ترجمان القرآن۔ابوالکلام آزاد مرحوم)۔''عالمگیر سچائیوں'' سے ان کی مراد ہوتی ہے، عام اخلاقی اصول۔مثلاً جھوٹ نہ بولو۔چوری نہ کرو۔کسی کو ستاؤ نہیں۔وغیرہ وغیرہ۔جب وہ دیکھتے ہیں کہ یہی اخلاقی اصول قرآن پیش کرتا ہے اور یہی تعلیم دنیا کے دیگر مذاہب میں بھی پائی

جاتی ہے تو وہ پکار اٹھتے ہیں کہ ''عالمگیر سچائیاں تمام مذاہب میں یکساں طور پر پائی جاتی ہیں''۔ لیکن وہ یہ نہیں دیکھتے کہ جس اجتماعی نظام میں ان اخلاقی اصولوں کے حامل افراد زندگی بسر کرتے ہیں، اس نظام کے اصول کیا ہیں؟۔

نظام اور فرد:

مثال کے طور پر سمجھئے کہ ایک برہمن جھوٹ نہیں بولتا۔ چوری نہیں کرتا۔ انسان تو ایک طرف، کیڑوں مکوڑوں تک کو بھی نہیں ستاتا۔ لیکن جس اجتماعی نظام کا وہ فرد ہے اس کا اصول یہ ہے کہ پیدائش کے اعتبار سے انسان اور انسان میں اس قدر گہرا اور بنیادی فرق ہوتا ہے کہ برہمن کے گھر میں پیدا ہونے والا بچہ ساری عمر دوسروں سے اپنی پرستش کراتا ہے اور شودر کے ہاں جنم لینے والا بچہ، تمام عمر، دوسروں کی خدمت اور بیگار میں بسر کر دیتا ہے۔ اور یہ فرق اس قدر غیر متبدل ہوتا ہے کہ شودر کے گھر میں پیدا ہونے والے بچے کے جوہر ذاتی اور اس کی ہزار محنت اور کوشش اس فرق کو مٹا نہیں سکتی۔۔۔۔ آپ کہئے کہ جو معاشرہ اس اجتماعی اصول کے مطابق متشکل ہو، اس میں افراد کی اس قسم کی ''نیکیاں'' کہ وہ جھوٹ نہیں بولتے اور چوری نہیں کرتے، کیا خوشگوار نتائج پیدا کر سکتی ہیں؟۔ افراد کی اس قسم کی ''نیکیاں'' محدود سے انفرادی حلقہ میں قدرے سکون پیدا کر سکتی ہیں۔ لیکن نہ تو یہ انسان کو اس کا صحیح مقام دینے کے قابل بن سکتی ہیں اور نہ ہی عالمگیر انسانیت کی فوز و فلاح کا موجب۔ حتیٰ کہ یہ اُس باطل نظام کو تباہی سے بچا سکنے کے قابل بھی نہیں ہو سکتیں جس کے اندر وہ ''نیک انسان'' زندگی بسر کرتا ہے۔ یا مثلاً جس معاشرہ کا اصول یہ ہو کہ جو بچہ بنی اسرائیل (یہودیوں) کے ہاں پیدا نہ ہو، وہ نجات و سعادت حاصل نہیں کر سکتا، اُس معاشرہ میں افراد کی اس قسم کی نیکیاں کہ وہ جھوٹ نہیں بولتے اور چوری نہیں کرتے، عالمِ انسانیت کے کس کام آ سکتی ہیں؟۔ یا جس معاشرہ میں عقیدہ یہ ہو کہ ہر انسانی بچہ، پیدائشی طور پر گناہگار پیدا ہوتا ہے اور اس کے گناہوں کا یہ داغ ''خدا کے بیٹے'' (حضرت مسیح) کے کفارہ پر ایمان ہی سے دھل سکتا ہے، اس کے سوا اس داغ کے مٹنے کی کوئی صورت نہیں، اس معاشرہ میں لوگوں کا رحمدل، حلیم الطبع اور منکسر المزاج ہونا، شرفِ انسانیت کی دلیل کیسے بن سکتا ہے؟۔

باطل کا نظام اور انفرادی نیکیاں:

دنیائے مذاہب سے الگ ہٹ کر دیکھئے اور سوچئے! کہ کیا نظامِ ملوکیت میں، ایک بادشاہ کے لئے، جو کروڑوں انسانوں پر اپنی مرضی چلاتا ہے، یہ بات موجبِ فخر قرار پا سکتی ہے کہ اُس نے ساری عمر تہجد قضا نہیں کی یا شراب نہیں پی؟۔ نظامِ سرمایہ داری میں، اگر ایک جاگیردار، زمین دار یا کارخانہ دار، جو ہزاروں محنت کش غریبوں کے گاڑھے پسینے کی کمائی سمیٹ کر لے جاتا ہے، یہ کہتا ہے کہ اُس نے کبھی چوری نہیں کی، تو کیا اسے نیک انسان کہا جا سکتا ہے؟۔ اگر ایک مذہبی پیشوا، جو دن رات عوام کو اس قسم کے عقائد کی تعلیم دیتا رہتا ہے کہ امیری غریبی انسان کی تقدیر سے وابستہ ہے جسے خود خدا نے مقرر کیا ہے اور خدا کے لکھے کو کوئی مٹا نہیں سکتا، اور اس کے ساتھ کہتا ہے کہ اُس نے ساری عمر جھوٹ نہیں بولا، تو کیا آپ سمجھتے ہیں کہ اس کی یہ

انفرادی نیکی، انسانیت کی اجتماعی میزان میں کوئی وزن رکھے گی؟۔ان مثالوں سے آپ اندازہ لگا لیجئے کہ جن انفرادی اخلاقی خوبیوں کو ''عالمگیر سچائیاں'' کہہ کر اسلام کو مذاہبِ عالم کی صف میں ہم دوش کھڑا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے، غلط اجتماعی نظام میں ان کی حقیقت کیا رہ جاتی ہے؟۔اصل یہ ہے کہ مذہب اور دین میں بنیادی فرق یہ ہے کہ مذہب، انفرادی ضابطہء اخلاق کا علمبردار ہوتا ہے، اجتماعی نظام سے اسے سروکار نہیں ہوتا۔اس کے برعکس ''دین'' اجتماعی نظامِ انسانیت کو سامنے رکھتا ہے اور افراد کی اخلاقی خوبیوں کو اس لئے ضروری قرار دیتا ہے کہ اس سے اس معاشرہ کا توازن قائم رہے جو عالمگیر انسانیت کی سلامتی اور ارتقاء کا ضامن ہے، اور یوں انسان وہ کچھ بن جائے جو کچھ بن سکنے کا اس میں امکان ہے۔

قرآن کی جامع تعلیم:

جو کچھ اوپر کہا گیا ہے اس سے واضح ہے کہ:۔(1)۔جس معاشرہ میں افراد، عام اخلاقی ضوابط کی پابندی نہیں کرتے، اس معاشرہ میں کسی کو امن وسکون نصیب نہیں ہوسکتا اور خود معاشرہ کی بنیادیں متزلزل ہو جاتی ہیں۔(2)۔جس معاشرہ میں، افراد عام اخلاقی ضوابط کے پابند ہوں، لیکن خود معاشرہ، غلط اجتماعی اصولوں پر متشکل ہو، اس میں عام معاشرتی روابط میں تو قدرے سکون حاصل ہوسکتا ہے لیکن نہ تو اس معاشرہ کی بنیادیں مستحکم ہوتی ہیں، اور نہ ہی اس کا وجود عالمگیر انسانیت کے لئے موجبِ رحمت بن سکتا ہے۔اور(3)۔جس معاشرہ میں افراد، عام اخلاقی ضوابط کے پابند ہوں، اور خود معاشرہ بھی صحیح اجتماعی اصولوں کا علمبردار ہو، اس میں، افرادِ معاشرہ کو حقیقی امن وسکون میسر ہوتا ہے۔ان کی طبیعی اور انسانی صلاحیتیں نشوونما پاکر برومند ہوتی چلی جاتی ہیں۔اور اس کا وجود عالمگیر انسانیت کے لئے موجبِ فلاح وسعادت ہوتا ہے۔

قرآنی معاشرہ:

قرآن کریم اسی قسم کا معاشرہ قائم کرنا چاہتا ہے، جس میں افرادِ معاشرہ عام اخلاقی اصولوں کے شدت کے ساتھ پابند ہوں، اور جو معاشرہ ان افراد پر مشتمل ہو، وہ ان مستقل اقدار کا حامل ہو جو عالمگیر انسانیت کو اس کی منزلِ مقصود تک لے جائے۔اور یہ ہے قرآن کا وہ نظام جس کی مثال کسی اور جگہ نہیں مل سکتی۔قرآنی تعلیم اپنی اس خصوصیتِ کبریٰ کی بناء پر بے مثل و منفرد ہے۔قرآن میں مومنین کی ان انفرادی اور اجتماعی خصوصیات کا ذکر اس تفصیل، کثرت اور تکرار سے آیا ہے کہ اس سے افراد کی سیرت وکردار کا صحیح نقشہ اور جماعتِ مومنین (اسلامی معاشرہ) کا بین اور واضح تصور سامنے آجاتا ہے۔اکثر مقامات پر ان انفرادی اور اجتماعی خصوصیات کا ذکر الگ الگ آیا ہے لیکن بعض مقامات پر ایک دوسرے میں یوں سموئی ہوئی سامنے آتی ہیں جیسے ایک حسین وشاداب شجر طیّب کہ اگر اس کی شاخوں، پتیوں، پھولوں اور شگوفوں کو الگ الگ بھی دیکھا جائے تو پورے کا پورا درخت باعثِ شادابیء قلب ونظر ہو جائے اور اگر، اس سرسبز وشاداب درخت پر بہ ہیئتِ مجموعی نگاہ ڈالی جائے تو اس کی تمام پھول پتیوں کی نزہت ونظافت وجہء نشاطِ روح بن جائے۔'' (جاری ہے)

پروفیسر غازی علم الدین

اعلیٰ سطحی جامعاتی تحقیق کا معیار۔۔۔لمحۂ فکریہ

(پی ایچ۔ڈی کے مقالے ''تفسیر مطالب الفرقان کا علمی و تحقیقی جائزہ'' کے تناظر میں)

آج ہر ذی شعور شخص دینِ اسلام کی من مانی تعبیر و تشریح، نظری و فکری انتشار اور مسلکی کلچر سے بے زار نظر آتا ہے۔ برعظیم پاک و ہند کی تاریخ میں بیسویں صدی عیسوی بہت ہنگامہ خیز رہی ہے۔ یہ وہ زمانہ ہے جب استعمار اپنی بقا کے لیے ہاتھ پاؤں مار رہا تھا۔ دو عالمی جنگوں کے نتیجے میں شکست و ریخت کے بعد وہ یہاں سے چلتا بنا، لیکن جاتے جاتے برعظیم پاک و ہند کی ملت اسلامیہ کو کئی فتنوں اور صدمات سے دوچار کر گیا۔ مختلف مکاتبِ فکر، مسلکوں اور مذہبوں نے جڑ پکڑی، جس کے نتیجے میں مسلم معاشرے کے اندر دینِ اسلام کی من مانی تعبیر، تعصب، نفرت اور تفرقے کا زہر گھول دیا گیا۔ دین کے نام پر قائم کیے گئے مدارس میں سے تحمل، بردباری، وسعتِ نظری اور تحقیقی رویّے دم توڑتے چلے گئے۔ مساجد کے اندر مواعظ و خطبات نے تحقیقی اندازِ فکر کے بجائے مناظرانہ رنگ پکڑا۔ تردیدی، تنقیصی اور تکفیری رویوں کو جلا ملی اور دیکھتے ہی دیکھتے مسلمانوں کی غالب اکثریت اس پُراثر فریب کے جال میں پھنس گئی۔

افسوس کا مقام ہے کہ قیامِ پاکستان کے بعد اعلیٰ سطحی تعلیمی اداروں، بالخصوص حکومتی سرپرستی میں قائم یونیورسٹیوں میں تعصب کی حکمرانی رہی۔ وہ معیار کی معراج، وسعتِ فکر و نظر، غیر جانب داری اور اعلیٰ ظرفی کے اعزاز کو برقرار نہ رکھ سکے۔ جامعات میں کیا جانے والا بیش تر اعلیٰ سطحی تحقیقی کام اپنے معیار، استناد اور نتائج کے اعتبار سے پست رہا ہے۔ معارفِ اسلامیہ کے شعبے ہی کو لے لیجیے، پی، ایچ، ڈی کی سطح کے بیش تر تحقیقی مقالات، موضوعات کے انتخاب کے حوالے سے محلِ نظر ہیں۔ اصولِ تحقیق اور قواعد و ضوابط کو بالائے طاق رکھتے ہوئے محض اپنے نقطۂ نظر، فکر، مسلک اور من پسند شخصیت کو اجاگر کیا جا رہا ہے۔ اپنے مخالف نقطۂ نظر، فکر، مسلک اور شخصیت کی تنقیص کی جا رہی ہے۔ حالت باینجا رسید کہ تحقیق اور مناظرے میں تمیز اٹھ گئی ہے۔

اس تحریر کو اپنے قارئین تک پہنچانے کا محرک پچھلے چند ماہ سے راقم کے مطالعے میں رہنے والا دو ضخیم جلدوں میں، باریک کتابت میں لکھا ہوا A-4 سائز کے 1372 صفحات پر مشتمل پی، ایچ، ڈی کا بسیط مقالہ ہے۔ مقالے کا عنوان ''تفسیر

مطالب الفرقان کا علمی و تحقیقی جائزہ'' ہے۔ مقالہ نگار جناب حافظ محمد دین قاسمی ہیں۔ مقالے کے نگران پروفیسر ڈاکٹر خالد علوی مرحوم تھے۔ پنجاب یونیورسٹی لاہور نے اس مقالہ کی تکمیل پر جناب حافظ محمد دین قاسمی کو پی، ایچ، ڈی کی ڈگری تفویض کی ہے۔ ادارہ معارفِ اسلامی منصورہ، لاہور نے اس تحقیقی مقالے کو بغیر کسی تبدیلی کے تمام تر خصائص و نقائص کے ساتھ شائع کیا ہے۔ حافظ محمد ادریس ڈائریکٹر ادارہ معارفِ اسلامی نے دو صفحوں پر مشتمل پیش لفظ کا اضافہ فرمایا ہے۔

تفسیر ''مطالب الفرقان'' جناب غلام احمد پرویز کی تخلیقی اور فکری کاوش ہے۔ مقالہ نگار حافظ محمد دین قاسمی نے جناب غلام احمد پرویز کے نظریات کا محاکمہ اور ابطال کیا ہے۔ راقم الحروف اپنی اس تحریر میں جناب غلام احمد پرویز کی شخصیت اور فکر کے بجائے محض مقالے کے معیار، اسلوب، پاکستان مخالف نظریات، کانگریس کی ہم نوائی، قائداعظم شکنی اور مقالے میں برتی جانے والی زبان پر بحث کرنا چاہتا ہے۔ راقم اپنے بارے میں پیدا ہونے والی کسی غلط فہمی سے بچنے کے لیے حدیثِ رسول ﷺ کی بابت اپنے عقیدے، نظریے اور فکر کا اظہار کر دینا ضروری سمجھتا ہے۔ راقم الحروف کا عقیدہ ہے کہ اگر ہم سنت اور حدیث (مستند اور صحیح ہو۔ قرآن کی روح اور متن کی نقیض نہ ہو) سے دست کش ہو جائیں تو دینِ اسلام کی بلند و بالا عمارت زمین بوس ہو جاتی ہے۔

جناب پرویز کے حدیث مخالف افکار کے جواب میں معاصر علماء نے اپنی طرف سے دین کی درست تعبیر و تشریح کرنے کی کوشش کی اور پرویز کے فکر کے مقابل ایک توانا دینی ادب تخلیق ہوا۔ حافظ محمد دین قاسمی کی طرف سے جناب پرویز کی تفسیر مطالب الفرقان کا علمی و تحقیقی جائزہ اس دینی ادب میں ایک اضافہ ہے۔ مقالہ نگار نے پرویز صاحب کے افکار کا بالاستیعاب مطالعہ کیا ہے۔ اُسے اعتراف ہے کہ:

> ''جناب پرویز کی عبارت کی دل کشی، اسلوبِ نگارش کی شگفتگی، الفاظ کی جاذبیت اور ادب کی چاشنی پر مشتمل ان کا لٹریچر اس (مصنف) کی آنکھوں کے لیے وجہِ جاذبیت اور قلب و دماغ کے لیے باعثِ مسحوریت بن گیا۔'' (ص:23)

مقالہ نگار جناب پرویز سے یک گونہ متاثر ہوا لیکن تقابلی مطالعہ کے بعد اپنی رائے کو تبدیل کر لیا۔ جناب پرویز کے فکر کے رد کی بابت مقالہ نگار کی نیت، محنت اور جذبہ قابلِ قدر ہے۔ ان کا مؤقف بھی بہت حد تک درست ہے لیکن اس کام کو پرکھنے، جانچنے اور اس کے معیار کو متعین کرنے میں کسی نقاد اور تجزیہ کار کا پیرامیٹر عام قاری سے ہٹ کر ہوگا۔ مقالہ نگار کے کام، اسلوب اور ذہنی پرداخت کے حوالے سے فنی، تحقیقی، ادبی، نظریاتی اور اخلاقی سطح پر کئی سوالات پیدا ہوتے ہیں۔ تفصیل بیان کرتے ہوئے ڈر لگتا ہے کہیں فاضل مقالہ نگار اسے کسی اور رنگ میں نہ لے لیں۔ ان کے کام میں محلِ نظر مقامات کی ایک

طویل فہرست بنتی ہے جس کے بیان کے لیے ایک دفتر چاہیے لیکن یہاں مشتے از خروارے کے طور پر چند ایک کے ذکر پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

مصنف کا دعویٰ ہے کہ حکومت پاکستان جناب پرویز کے نظریات کی سرپرستی کرتی رہی اور سرکاری سطح پر فکر پرویز کی اشاعت ہوتی رہی۔ پیش لفظ میں حافظ محمد ادریس (ڈائریکٹر ادارہ) نے بھی یہی دعویٰ کیا ہے:

''انگریزوں نے اپنے جانے کے بعد مسلمان ملکوں میں اپنے فکری شاگردوں کو مسلط کرنے کا جو منصوبہ بنایا تھا، اس کے مطابق پاکستان میں بھی، آزادی کے بعد، گورے انگریزوں کی جگہ کالے انگریزوں کی حکومت رہی۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اسلام سے منحرف ہر کردار کو حکومتی سرپرستی حاصل ہوتی چلی گئی، تاکہ وہ اہلِ حق کے مقابلے پر حکومت کی ہاں میں ہاں ملائے اور اسے فکری و نظری معاونت فراہم کرتا رہے۔ اس کے بدلے میں حکومتوں نے ان فتنہ پرداز عناصر کی بھرپور سرپرستی کی۔ غلام احمد پرویز کی مسموم فکر سرکاری سرپرستی و وسائل ہی کی بدولت امت کے اندر سرایت کرتی رہی۔ ہر روشن خیال حکمران کو پرویزی نظریات اپنی سوچ اور مفادات کے قریب تر نظر آئے اور انہوں نے بھی کبھی بلند آہنگ انداز میں اور کبھی دھیمے سروں میں اس فتنے کی آبیاری کی۔'' (ص:21)

ان ہر دو فاضلوں کو اپنے دعویٰ میں کوئی تو ثبوت پیش کرنا چاہیے تھا کہ کیا کسی حکومت نے جناب پرویز کے لٹریچر کو سکول، کالج اور یونیورسٹی کی سطح پر نصاب کا حصہ بنایا؟ الیکٹرانک میڈیا پر فکر پرویز کی تشہیر کی گئی؟ یا سرکاری پرنٹ میڈیا فکرِ پرویز کا ترجمان رہا ہے؟ مذکور اقتباس میں بیان کی گئی سوچ کے اس انداز میں حقیقت کے بجائے بدگمانی اور تعصب غالب ہے۔ زبان اور لب ولہجہ بھی تحقیقی آداب کے منافی ہے۔ کالے انگریزوں۔۔۔ فتنہ پرداز عناصر۔۔۔ مسموم فکر اور روشن خیال حکمران۔۔۔ جیسی تراکیب اور اصطلاحات کسی محقق کی زبان اور قلم کو زیب نہیں دیتیں۔

بات اگر پیش لفظ ہی سے شروع کی جائے تو کسی بھی نقاد، تجزیہ نگار اور محقق کو جناب حافظ محمد ادریس (پیش لفظ نگار) کا یہ جملہ علمی اور متوازن سطح پر محسوس نہیں ہوگا:

۔۔۔''مرزا غلام احمد قادیانی کی طرح اس (پرویز) نے بھی کئی پینترے بدلے۔ اس نے کئی جنم لیے اور ہر جنم کے ساتھ اس کی کینچلی تبدیل ہوتی چلی گئی۔'' (ص:21)

تحقیقی بیان میں یہ لب ولہجہ غیر علمی اور اعتدال سے ہٹ کر ہوتا ہے اور پھر فاضل پیش لفظ نگار کی اپنی تحریر کے ذریعے نامناسب محاورے کے استعمال سے ایک باطل نظریے (ایک سے زیادہ جنم کا تصور) کا پرچار ہو رہا ہے۔ پیش لفظ نگار کا حافظ

محمد دین قاسمی (مقالہ نگار) کو ''عظیم سکالر'' (ص:22) کہنا جہاں غُلو کی حدوں کو چھونے کے مترادف ہے وہاں علمی انکسار کے بھی منافی ہے۔

تحریکِ آزادی کے حوالے سے مقالہ نگار کا موقف، رائے اور واقعاتی احصاء سبھی محلِ نظر ہیں۔ محسوس ہوتا ہے کہ تاریخ اور تحریکِ آزادی کے بارے میں مقالہ نگار کا اپنا مطالعہ سطحی ہے۔ جناب مقالہ نگار کی کئی واقعات کی حقیقت تک رسائی نہیں ہوسکی۔ سرسیّد احمد خان کے بارے میں ان کی یکطرفہ رائے تحقیقی رویے کے منافی ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ سرسیّد احمد خان کے اجتہادی فکر سے کھل کر اختلافِ رائے کیا جاتا رہا ہے۔ قرآنی مسائل کے حوالے سے ان کی بعض تاویلات مسلم اُمہ کے لیے قابلِ قبول نہیں رہی ہیں لیکن اس کے باوجود انہیں کافر یا مرتد قرار نہیں دیا جاسکتا۔ مسلمانوں کے لیے ان کی دینی، سیاسی، اصلاحی اور تعلیمی خدمات ایک اٹل حقیقت ہیں۔ مقالہ نگار کا علی گڑھ کی تعلیمی تحریک کے خلاف یکطرفہ طور پر فتویٰ بے جا ہے۔ سرسیّد وہی مردِ دانا ہے جس کے بنائے ہوئے تعلیمی اداروں میں داخل ہونے والوں کے ماں باپ کے نکاح ٹوٹ جایا کرتے تھے۔ یہ الگ بات ہے کہ ان اداروں سے فاضل مقالہ نگار جیسے لوگ پڑھ کر نکلے اور آج اپنا کماتے کھاتے ہیں، بحمداللہ دین دار بھی ہیں اور مدارس کی خدمت بھی کرتے ہیں۔

جناب مقالہ نگار نے بین السطور جمعیت علماء ہند کے کانگریس کی ہمنوائی کے مؤقف کو درست ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ دوقومی نظریہ، مسلم لیگ، تحریکِ پاکستان اور قائداعظم محمد علی جناح کے حوالے سے ان کی سوچ اور رائے پہلے سے طے شدہ ہے۔ اس بابت ان کے تعصب کا اظہار تحقیقی اسلوب اور رویے کے منافی ہے۔ اسلام کے بارے میں قائداعظم کے مطالعے اور معلومات کو بغیر کسی پیرامیٹر کے متعصّبانہ انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ قائداعظم کے مطالعہ اور فقہی علم کے بارے میں مقالہ نگار کی معلومات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ انہیں معلوم ہونا چاہیے کہ اگر قائداعظم کا اسلام کے بارے میں مطالعہ سطحی ہوتا تو وہ دوقومی نظریے پر زور نہ دیتے۔ قانون وقف علی الاولاد کا مقدمہ نہ جیتتے۔ یہ حقیقت ہے کہ وہ مسلمانوں کے پرسنل لاء کے عالم تھے۔ وہ عملاً کسی بھی فرقے سے وابستہ نہیں تھے۔ اثنا عشری مسلک کے بجائے ان کا رجحان مولانا اشرف علی تھانوی، مولانا احمد عثمانی اور دیگر کئی علماء اور مشائخ کی طرف تھا۔ ان کی نماز جنازہ مولانا شبیر احمد عثمانی نے پڑھائی۔ کسی بھی فرقے (بشمول اثنا عشری) نے اعتراض نہیں کیا تھا کہ اہل السنّت والجماعت کے عالمِ دین نے نماز جنازہ کیوں پڑھائی۔

قائداعظم محمد علی جناح کا ذکر کرتے ہوئے مقالہ نگار کے لب و لہجے سے تضحیک چھلکتی محسوس ہوتی ہے۔ ''قائداعظم اور پرویز۔۔۔ باہمی تعلقات'' کے عنوان سے ساری بحث (ص:87 تا 90) تعارض و تناقض کا شکار ہے۔ ان کی تحقیق کے بعض حصے بعض کے نقیض ہیں۔ مثال ملاحظہ کیجیے:

''قائداعظم اگرچہ پاکستان کو اسلامی مملکت بنانا چاہتے تھے لیکن اسلام کے متعلق ان کا مطالعہ نہ ہونے کے برابر تھا۔'' (ص:87)

آگے چل کر لکھتے ہیں:

''البتہ انگریزی زبان کو وہ خوب سمجھتے، جانتے، بولتے اور لکھتے تھے۔ قرآن مجید اور قوانین اسلامیہ کا جو مطالعہ انہوں نے کیا تھا وہ اسی زبان کے ذریعے کیا تھا۔'' (ص:87)

یعنی اسلام کے بارے میں قائداعظم کے مطالعہ کی نفی بھی کرتے ہیں اور انہیں یہ بھی اقرار ہے کہ قائداعظم نے انگریزی زبان میں قرآن مجید اور قوانین اسلامیہ کا مطالعہ کیا ہوا تھا۔ مقالہ نگار کی سوچ سے تحریکِ پاکستان، قائداعظم اور دو قومی نظریہ کے بارے میں ان کا ذہنی انتشار اور تعصب کھل کر سامنے آجاتا ہے۔ فرماتے ہیں:

''اسلام کی بنیاد پر تحریکِ پاکستان کو مؤثر حیثیت دینے کے لیے اور پبلک کا سامنا کرنے کے لیے ضروری تھا کہ نہ صرف اسلام کا نام لیا جائے بلکہ اس کے بارے میں کچھ معلومات بھی بہم پہنچائی جائیں۔'' (ص:87)

مقالہ نگار کی علمی خیانت ان کے پورے تحقیقی منصوبے کو بے وقعت کر دیتی ہے۔ تحریکِ آزادی اور قائداعظم پر گراں قدر لٹریچر تخلیق ہو چکا ہے۔ قائداعظم کی ذاتی اور سیاسی زندگی پر درجنوں کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ انگریز حتیٰ کہ ہندو مصنفین نے بھی ان کی سیاست، دیانت، فراست اور اعلیٰ کردار کو دل کھول کر سراہا ہے۔ لیکن مجال ہے کہ مصنف نے ان میں سے کسی کتاب کا حوالہ دیا ہو۔ حوالہ کیسے دے سکتے ہیں کہ اس بابت ان کا دامنِ مطالعہ تو بالکل تہی ہے۔ انہوں نے اپنا تعصب، نفرت اور ذہنی انتشار صفحۂ قرطاس پر انڈیل دیا ہے۔ مقالہ نگار کے علم میں ہونا چاہیے کہ تحریکِ آزادی، مسلم لیگ اور قائداعظم پر مشتمل برسوں کا تاریخی ریکارڈ تقریباً ستر ہزار سفحات کی تعداد میں اپنی اصل حالت میں نیشنل آرکائیو اسلام آباد میں محفوظ ہے۔ ہزاروں کی تعداد میں تاریخ کے اساتذہ طلبہ، محققین اور مصنفین اس ریکارڈ سے استفادہ کر چکے ہیں۔ قائداعظم اور مسلم لیگ کے حوالے سے اب کوئی بات اخفاء میں نہیں رہی۔ خود ساختہ تعصّبات کو پالنے اور پھیلانے سے بہتر ہے کہ اپنے مطالعہ کو وسعت دے کر حق بات تک رسائی حاصل کی جائے۔

تحقیق کی زبان اور اسلوب سراسر علمی ہوتا ہے۔ اس میں کھرے اور کھوٹے کو الگ الگ کر کے حقیقت تک رسائی حاصل کی جاتی ہے۔ مناظرہ تحقیق کی ضد ہے لیکن مقالہ نگار کا انداز، زبان اور اسلوب سو فی صد مناظرانہ ہے۔ ان کے اپنے جذبات، پسند و ناپسند اور فکر کتاب کے لفظ لفظ سے ٹپک رہے ہیں۔ غلام احمد پرویز کو ''واوین'' کے حصار میں بند کر کے ہر جگہ

نام کے بجائے ''مفکر قرآن'' لکھا ہے۔ یہ تضحیک کسی طور پر بھی تحقیق کو گوارا نہیں ہوتی۔ اس تحقیقی مقالے کے کچھ عنوانات بھی ملاحظہ فرمایئے جس سے مقالہ نگار کے نفسیاتی اور ذہنی خلجان کو سمجھنے میں مدد ملے گی:

''جھوٹ سوفی صد جھوٹ''۔۔۔''سوال گندم جواب چنا''۔۔۔''اخلاقی نامردی''۔۔۔''پرویزی حیلے''۔۔۔''مفکر قرآن کا دورِ خاپن''۔۔۔''مفکر قرآن کی چال بازی''۔۔۔''علی گڑھ سیلابِ مغربیت کا دروازہ''۔۔۔پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھا''۔۔۔''خارزارِ تضاداتِ پرویز''۔۔۔''زعماءِ مسلم لیگ کی جان کو دوگونہ عذاب''۔۔۔''ایک عذرِ لنگ کا سہارا''۔۔۔''مفکر قرآن کی ذہنی غلامی اور فکری اسیری''۔۔۔''مفکر قرآن کی سخن سازی''۔۔۔اور''مفکر قرآن کا خاصہ مزاج''۔

اعلیٰ سطحی جامعاتی تحقیق کے لیے نہ تو یہ اسلوب ہے اور نہ ہی اس کی اجازت۔

جناب مقالہ نگار شدتِ جذبات میں اپنی زبان نامناسب حد تک لے جاتے ہیں۔ مثال ملاحظہ کیجیے:

''وہ اس تلخی اور غلاظت کے ساتھ برستے ہیں کہ عام قاری بھی یہ محسوس کرتا ہے کہ شاید ان کے منہ میں زبان نہیں بلکہ بچھو کا ڈنک ہے۔'' (ص:684، جلد: دوم)

مقالہ نگار کا پست زبان سے اپنے ذہن اور زبان کو آلودہ کرنا بھی ایک نفسیاتی مسئلہ ہے۔ اسے اس بات کا ادراک ہونا چاہیے کہ انسان کے اندر وہبی طور پر موجود ذوقِ سلیم اور اخلاقی تربیت انسانی مزاج اور طرزِ فکر کو ایک خاص سانچے میں ڈھال دیتی ہے۔ پڑھے لکھے اور باشعور آدمی کا طرزِ کلام وہ نہیں ہوتا جو ان صفات سے عاری لوگوں کا ہوتا ہے۔ ایک عام آدمی کوئی غیر معیاری لفظ بڑی بے نیازی کے ساتھ اپنی زبان سے نکال سکتا ہے مگر ایک مہذب آدمی ایسا نہیں کر سکتا۔

''حرف آخر۔۔۔خلاصۂ مقالہ'' میں رقم طراز ہیں:

''وہ نہ تو صحتِ عقائد اور سلامتی فکر ہی کا حامل ہے اور نہ تقویٰ و دیانت کا جوہر اس کے طرزِ عمل میں پایا جاتا ہے۔'' (ص:725، جلد: دوم)۔

مقالہ نگار نے غلام احمد پرویز کے لیے ''عقائدِ فاسدہ''، ''افکارِ زائغہ''، ''تندمزاج''، ''غیر متوازن شخصیت'' اور ''کبرِ نفس کا شکار'' جیسے الفاظ استعمال کیے ہیں۔ مانا کہ غلام احمد پرویز اپنے افکار کی بدولت ایک طبقے کے نزدیک ناپسندیدہ شخصیت ہیں لیکن اس کے باوصف مقالہ نگار کو مناظر کے بجائے محقق کا لب ولہجہ اپنانا چاہیے تھا۔ غصہ، تعصب اور نفرت کے اظہار سے قابلِ قدر تحقیقی کام بھی مشکوک اور محلِ نظر بن جاتا ہے۔

اس تحقیقی منصوبے میں مقالہ نگار کی شخصیت اور فکر کا ایک انتہائی خطرناک بلکہ خوف ناک پہلو عیاں ہوتا ہے۔ مسلکی تعصّبات

اور عدمِ رواداری کے رویّے مقالہ نگار کی نفسیاتی بیماری اور ذہنی خلفشار کو طشت از بام کرتے ہیں۔ وہ فقہی تقلید کے سخت خلاف ہے لیکن شدت جذبات میں وہ آئمہ کبار اور مغربی مفکرین کو ایک ہی صف میں کھڑا کر کے ان سے اظہارِ بے زاری کرتا ہے:

''قارئین کی نگاہیں خود دیکھ لیں گی کہ مقالہ نویس جس طرح امام ابوحنیفہؒ، امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام احمد بن حنبلؒ، امام داؤد ظاہریؒ اور سفیان ثوری وغیرہم کی تقلید سے بے زار ہے بالکل اسی طرح وہ کارل مارکس، لینن، ہیگل، ڈارون اور برگساں جیسے ملاحدہ کی تقلید سے بھی سخت بے زار ہے''

(ص:28، جلد:اوّل)

اس جملے کی ترکیب سے مذکور آئمہ کبار بھی اِلحاد کی لپیٹ میں آجاتے ہیں۔ خاکم بدہن اس سے تو مقالہ نگار کی دریدہ دہنی ثابت ہوتی ہے۔

مقالہ نگار نے غلام احمد پرویز کو دیانتداری سے پورٹریٹ نہیں کیا۔ جناب غلام احمد پرویز کو کافر، مرتد اور متنبّی قرار دے کر مقالہ نگار نے نہ تو احتیاط کے تقاضے نبھائے ہیں نہ ہی علمی و تحقیقی رویے کی پاس داری کی ہے۔ زیادہ سے زیادہ جناب پرویز کو فکری اعتبار سے گمراہ قرار دیا جاسکتا ہے کفر کا فتویٰ نہیں لگایا جاسکتا۔

فنی اعتبار سے اس کتاب کا جائزہ لیا جائے تو یہ باور کرانا ضروری ہے کہ جامعاتی سطح پر ایجاز و اختصار تحقیق کا جوہر ہوتا ہے۔ مصنف ایجاز و اختصار کے ہنر اور تحقیقی مواد کے حسنِ استعمال کے فن سے متصف نہیں ہے۔ دست یاب ہونے والے سبھی مواد کو اختصار اور سلیقہ کے بغیر دو ضخیم جلدوں میں بھر دیا ہے۔ تحقیق نگاری میں اِملائی اغلاط کا عیب تحقیقی معیار کو گرا دیتا ہے۔ اس مقالے میں شروع سے آخر تک اغلاط کے ایسے نمونے اکثر دیکھنے کو ملتے ہیں۔

بشکریہ:

1۔ شش ماہی ''التفسیر'' جلد:7، شمارہ نمبر 22، جولائی، دسمبر 2013ء مجلس التفسیر، یونیورسٹی کیمپس، جامعہ کراچی، کراچی۔

2۔ شش ماہی ''ایام'' جولائی۔ دسمبر 2013ء مجلس برائے تحقیق اسلامی تاریخ و ثقافت، جامعہ کراچی، کراچی

3۔ سہ ماہی ''لوحِ ادب'' جلد 16، شمارہ 1 تا 3 (جولائی 2013ء، مارچ 2014ء)، کراچی/ حیدرآباد۔

(کتاب: تنقیدی و تجزیاتی زاویے، مصنف: پروفیسر غازی علم الدین، پبلشر: بزمِ تخلیق ادب پاکستان، کراچی سے انتخاب)

سانحہ ارتحال

بزمِ طلوع اسلام منڈی بہاء الدین کے نمائندہ خان محمد خان صاحب کے داماد گذشتہ دنوں انتقال کر گئے، عمر 55 سال تھی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت عطا کرے اور پس ماندگان، اعزہ و اقرباء کو صبر کی توفیق سے نوازے۔ ادارہ خان محمد خان صاحب اور مرحوم کے تمام لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے۔

وہ اندھا جس نے پُوری قوم کو آنکھیں دیں

شاہ فاروق کی علیحدگی کے بعد جنرل نجیب نے قاہرہ میں اپنے ان فوجی افسروں کا ایک اجتماع کیا جنہوں نے اس انقلاب کی کامیابی کے لیے اس کی مدد کی تھی۔ اس میں اس نے اپنے فوجی رفقاء کے علاوہ ایک غیر فوجی کو بھی مدعو کیا۔ یہ تھا طٰہٰ حسین، 64 سالہ مصنف اور ماہر تعلیم، نجیب نے طٰہٰ سے کہا کہ وہ اس اجتماع سے خطاب کرے۔ یہ بوڑھا اپنی جگہ سے اٹھا اور مجمع سے کہا کہ:

> ''محض ڈسپلن اور نظم وضبط کافی نہیں، وہ حکومت جو نظم وضبط تو قائم کرے لیکن آزادی کو ختم کر دے وہ انہی کی طرح ہے آج جو روس میں فولادی پردے کے پیچھے ہیں۔ جہاں ایک انسانی فرد کو چیونٹی بنا کر رکھ دیا گیا ہے۔''

ڈاکٹر حسین اس نقطہ کو واضح کرتا چلا گیا اور جب اس نے اپنی تقریر کو ختم کیا تو کمرہ میں ہر طرف سناٹا چھایا ہوا تھا۔ کچھ فوجی افسر ایسے بھی تھے جنہوں نے ان خیالات کو چنداں وقعت نہیں دی لیکن جنرل نجیب اٹھا اور طٰہٰ حسین کو گلے سے لگا لیا اور اپنے رفقاء کی طرف دیکھ کر کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ آپ سب طٰہٰ حسین کے ان الفاظ کو اپنے دل میں جگہ دیں، یہ الفاظ ہماری تحریک کا سنگ بنیاد ہیں۔

طٰہٰ حسین مشرق وسطیٰ میں گذشتہ تین سال سے جہالت اور استبداد کے خلاف مصروف جدوجہد ہے۔ مصر سے ملوکیت کو ختم کرنے میں اس کی کوششیں کسی دوسرے سے کم نہیں۔ یہ وہ شخص ہے جس نے اپنے ملک میں تقریر وتحریر کی آزادی کی قدر و قیمت کو ایک ایک سے منوالیا ہے۔ لیکن ان سب سے بڑھ کر اس کا معرکہ آرا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے اپنی حکومت کو مجبور کر دیا کہ وہ مصر کے ایک ایک بچہ کی مفت تعلیم کا انتظام کرے۔ یہ وہ چیز ہے جو کسی دوسرے عرب ملک کو ابھی تک نصیب نہیں ہوئی۔

ڈاکٹر حسین نے یہ سب کچھ ایک ایسے مانع کی موجودگی میں کیا ہے جو دوسروں کو خود اپنی روٹی کے لیے بھی غیروں کا محتاج بنا دیا کرتا ہے۔ وہ تین برس کا بچہ تھا کہ بالکل اندھا ہو گیا اور اس وقت سے آج تک بینائی سے محروم ہے۔ لیکن اس نے عمر بھر اس بات کو تسلیم ہی نہیں کیا کہ بینائی سے محرومی انسان کے راستہ میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا کر سکتی ہے۔ ابھی حال ہی کا ذکر ہے

کہ جب اس کے ایک دوست نے اس سے کہا کہ بینائی کا نہ ہونا آپ کے راستہ میں کتنی بڑی رکاوٹ ہے تو طٰہٰ حسین نے مسکرا کر کہا کہ آپ اسے رکاوٹ کہتے ہیں اور میں تو اسے ایک نعمت تصور کرتا ہوں۔ کتنی بے معنی اور غیر مفید جاذبیتیں ہیں جو آنکھوں کے نہ ہونے کی وجہ سے میرے ذہن کو اپنی طرف کھینچ ہی نہیں سکتیں۔

منہنی جسم، متوسط قد، پاکیزہ خط وخال، سفید بال، شستہ مغربی لباس، سیاہ چشمہ یہ ہے ڈاکٹر طٰہٰ حسین جس کے قریب جانے سے فوراً جنبیت ختم ہوجاتی ہے اور چند ہی لمحوں میں اس کے قہقہے فضا میں گلفشانی کرتے دکھائی دیتے ہیں۔

طٰہٰ حسین ایک غریب کسان کا لڑکا تھا جس کے تیرہ بچے تھے وہ شمالی مصر کے ایک چھوٹے سے گاؤں میں پیدا ہوا۔ وہ ابھی تین ہی سال کا تھا کہ اس نے محسوس کیا کہ اس کے بھائی بہن جن چیزوں کا ذکر کرتے ہیں وہ اسے دکھائی نہیں دیتیں۔ یعنی تین برس کی عمر میں اس کی بینائی جاتی رہی اور یہ چیز صرف طٰہٰ حسین کے ساتھ ہی واقع نہیں ہوئی۔ مصر کی دیہاتی آبادی کے قریب پچاس فیصدی بچوں کے ساتھ یہی کچھ ہوتا ہے۔ لیکن طٰہٰ حسین نے سڑک پر بیٹھ کر بھیک مانگنے کے بجائے مکتب کا رخ کیا۔ تھوڑے سے عرصہ میں اس نے قرآن حفظ کرلیا اور جو کچھ مکتب میں پڑھایا گیا اس میں یہ اپنے ہم سبق بچوں میں سب سے آگے تھا۔ اس کی ذہانت کی بنا پر اسے مزید تعلیم کے لیے شہر میں بھیج دیا گیا جہاں اس نے جامعہ ازہر میں اپنی شاندار کامیابی کی بنا پر وظیفہ حاصل کیا۔ 1914ء میں اس نے اسی یونیورسٹی سے پی، ایچ، ڈی کی ڈگری حاصل کی یہ سب سے پہلی ڈگری تھی جو اس یونیورسٹی کی طرف سے کسی کو ملی تھی۔ اس کی بے مثال ذہانت اور فطانت کی بنا پر اسے پیرس بھیج دیا گیا جہاں اس نے پی، ایچ، ڈی کی ایک اور ڈگری حاصل کرلی اور اس کے ساتھ ہی ایک فرخندہ جبین فرانسیسی بیوی بھی جس کے ساتھ اس نے 1918ء میں شادی کی۔

وطن میں واپسی پر وہ قاہرہ یونیورسٹی میں عربی ادب کا پروفیسر مقرر ہوا۔ اس نے پہلے ہی دن اپنے طالب علموں کو یہ سبق دیا کہ وہ کسی معاملہ میں تقلید نہ کریں بلکہ ہر مسئلہ کا مطالعہ آزادانہ کریں۔ یہ تصور مصر کی فضا میں یکسر غیر مانوس اور ایک قسم کی بہت بڑی بدعت تھا۔ وہاں تو سکھایا یہ جاتا تھا کہ جو کچھ تمہیں اسلاف سے ملے اسے آنکھیں بند کرکے قبول کرتے چلے جاؤ اس لیے کہ ؎

خطائے بزرگان گرفتن خطا است

حتیٰ کہ وہ توہم پرستانہ افسانے جن کے متعلق بادی النظر میں معلوم ہوجائے کہ وہ محض ذہن انسانی کے تراشیدہ ہیں، انہیں بھی ابدی حقیقت سمجھا جائے۔ طٰہٰ حسین نے اس باب میں ایک کتاب لکھی جس میں پوری پوری تحقیق کے بعد بتایا کہ اس قسم کے تمام معتقدات محض افسانے ہیں جنہیں اسلام سے کچھ تعلق نہیں۔ اس کتاب نے (جیسا کہ ہر مُلّا زدہ ملک میں ہونا چاہئے) مصر کی فضا میں ہیجان پیدا کردیا اور طٰہٰ حسین کے خلاف اس قدر شور اٹھا کہ حکومت کو ایک تحقیقاتی کمیشن مقرر کرنا پڑا۔

کمیشن نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ جو کچھ اس کتاب میں لکھا گیا ہے وہ بالکل صحیح ہے اور دیانتداری پر مبنی لیکن اس کے باوجود پارلیمنٹ میں ایسا قدامت پسند طبقہ موجود تھا جو اس پر زور دیتا تھا کہ اس کتاب کو ضبط کیا جائے۔ اس مسئلہ نے پارلیمنٹ میں بھی طوفان برپا کر دیا وزارت کی طرف سے طٰہٰ حسین کی تائید ہوتی تھی لیکن مخالف طبقہ نے حکومت کے خلاف عدم اعتماد کی قرارداد پیش کر دی آخرالامر طٰہٰ حسین کو کامیابی ہوئی اور اس سے نہ صرف یہ کہ اس کی کتاب ضبط نہ ہوئی بلکہ مصر میں پہلی مرتبہ تحریر و تقریر و فکر کی آزادی کو تسلیم کیا گیا۔

1930ء میں طٰہٰ حسین قاہرہ یونیورسٹی کا ریکٹر منتخب ہوا۔ اس کی صاف گوئی اور حریت پسندی کی وجہ سے مصر کا وزیراعظم اسماعیل صدقی، اس کا سخت مخالف ہو گیا اور اس سے کہا کہ یا تو وہ یونیورسٹی میں حکومت کے خلاف تنقید کو بند کرے یا اپنے عہدہ سے مستعفی ہو جائے۔ طٰہٰ حسین نے بہتر یہ سمجھا کہ وہ وزیراعظم کو سمجھائے کہ وہ غلطی پر ہے لیکن یہ بات اس کی سمجھ میں نہ آئی، طٰہٰ حسین نے اپنی تنقید کو بدستور جاری رکھا اور یونیورسٹی کے معاملات میں حکومت کی دخل اندازی کے خلاف ہمیشہ احتجاج کرتا رہا۔ حکومت سے اس تصادم کی وجہ سے طٰہٰ حسین بڑی مشکلات میں پھنس گیا۔ ادھر اس کا ایک بچہ ایسا بیمار ہوا کہ اس کے پاس جو کچھ پونجی تھی وہ اس کے علاج میں صرف ہو گئی اور اسے اپنے بچوں کا پیٹ پالنے کے لیے قرض مانگنا پڑا۔ اس نے مسلسل تین سال تک قید و بند کی صعوبتیں برداشت کی۔ مختلف نوعیتوں کی جسمانی اور ذہنی جراحتیں برداشت کیں۔ حتیٰ کہ بعض اوقات فرشتہ اجل کے دبے پاؤں کی آہٹ کو بھی سنا۔ لیکن اس سے نہ اس کے عزم میں فرق آیا نہ کام کی رفتار میں کسی قسم کی تبدیلی۔ اس تین سال کے عرصہ میں اس نے سات گراں بہا کتابیں لکھ ڈالیں۔ ان میں سے بعض کتابیں مصر میں ضبط کر لی گئیں لیکن ان سے اس کی شہرت تمام مشرق وسطیٰ میں آگ کی طرح پھیل گئی۔ آخرالامر 1933ء میں صدقی برطرف ہوا اور طٰہٰ حسین پھر اپنے عہدہ پر بحال کر دیا گیا اور اس کی بحالی کے ساتھ ہی مصر کی تمام درسگاہوں کو آزادی نصیب ہو گئی۔

اس تین سالہ صعوبات کے تجربے نے طٰہٰ حسین پر اس حقیقت کو واضح کر دیا کہ جب تک قوم کے لوگوں میں تعلیم کو عام نہ کر دیا جائے انہیں صحیح جمہوریت نصیب نہیں ہو سکتی چنانچہ اس نے تہیہ کر لیا کہ وہ حکومت کو مجبور کرے گا کہ وہ ملک کے ہر ایک بچہ کے لیے مفت تعلیم کا انتظام کرے۔ مفت تعلیم کا خیال آج کوئی انقلابی خیال تصور نہیں کیا جا سکتا لیکن اس زمانہ کے مصر میں اور ایک مصر ہی پر کیا موقوف ہے تمام عرب ممالک میں اس قسم کا خیال فی الواقع بہت بڑا انقلابی خیال تھا۔ مفت تعلیم تو ایک طرف، مصر میں ابھی کل تک یہ کیفیت تھی کہ حکومت، پرائمری کے درجہ میں ایک بچہ سے بیس پونڈ سالانہ بطور فیس وصول کرتی تھی حالانکہ بیس پونڈ سالانہ وہاں کے کاشتکار کی سالانہ آمدنی کے برابر تھے۔ ڈاکٹر طٰہٰ حسین نے اس فیس کے خلاف علمِ جہاد بلند کیا۔ اس کی دلیل یہ تھی کہ علم ایسی جنس نہیں جسے منڈیوں میں فروخت کیا جائے۔ یہ سورج کی روشنی اور تازہ ہوا کی طرح

فطرت کا عطیہ ہے جو ہر اس شخص کے لیے مفت کھلا ہونا چاہئے جو اسے حاصل کرنے کی تڑپ اپنے اندر رکھتا ہے۔ گورنمنٹ کی طرف سے اس دلیل کا جواب یہ تھا کہ حکومت کے پاس اس قسم کی عیاشی کے لیے روپیہ نہیں۔ لیکن اصل اعتراض اقتصادی نہیں تھا شاہ فاروق اور اس کے حواری اس خطرہ کو محسوس کرتے تھے کہ اگر ملک کے غریب لوگ لکھنا پڑھنا سیکھ گئے تو وہ اپنی موجودہ حالت سے غیر مطمئن ہو جائیں گے۔ اس کے جواب میں طٰہٰ حسین کہتا تھا کہ اس غریب طبقہ کی جو حالت ہے اسے اپنی اس حالت سے غیر مطمئن ہونا چاہئے وگرنہ اس کی اس حالت کی اصلاح ہی نہ ہو سکے گی۔ شروع شروع میں طٰہٰ حسین کی سخت مخالفت ہوئی۔ نہ صرف حکومت کی طرف سے بلکہ پریس کی طرف سے بھی۔ لیکن آہستہ آہستہ اس نے عوام کی اکثریت کو اپنے ساتھ ملا لیا اور اپنے اس جہاد کو جاری رکھا۔ اکتوبر 1943ء میں پارلیمنٹ میں سب سے پہلی بار اس فیصلہ کا اعلان ہوا کہ آج سے ملک میں پرائمری تک کی تعلیم مفت دی جائے گی۔

لیکن طٰہٰ حسین اس سے مطمئن نہیں ہوا۔ وہ اس فیس کے بھی خلاف تھا جو حکومت کی طرف سے ثانوی مدارس میں وصول کی جاتی تھی۔ اس نے اپنی اس تجویز کو پیش کیا تو حکومت نے کہا کہ وہ وزیر تعلیم کے ساتھ بطور مشیر کام کرے اور اس طرح دیکھے کہ اس کا پروگرام کس حد تک قابل عمل ہے۔ اس حیثیت میں ڈاکٹر طٰہٰ حسین نے حکومت سے یہ منظور کرا لیا کہ بچوں کو دوپہر کا کھانا اور طبی امداد مفت ملا کرے۔ نیز اس نے الگزنڈریہ یونیورسٹی کی بھی بنیاد رکھی جس میں اس وقت تقریباً آٹھ ہزار طالب علم تعلیم پا رہے تھے۔ 1950ء میں حکومت نے طٰہٰ حسین کی خدمت میں وزارت تعلیم کا عہدہ پیش کیا۔ اس نے کہا کہ میں اس پیش کش کو اس شرط پر قبول کر سکتا ہوں کہ مجھے اس کا پورا پورا اختیار دیا جائے کہ ملک کو جس قسم کی تعلیم کی ضرورت ہے میں اس تعلیم کو رائج کر سکوں۔ چونکہ اس وقت حکومت کو خطرہ تھا کہ اگر ڈاکٹر طٰہٰ حسین کی تجویز مخالفت کی گئی تو اس سے بڑی بدنامی ہوگی اور اگر وہ کیبنٹ میں شامل ہو جائے تو اس سے خود کیبنٹ کا مقام بلند ہو جائے گا اس لیے حکومت نے اس کی اس شرط کو فوراً قبول کر لیا۔ ڈاکٹر طٰہٰ حسین نے سب سے پہلا کام یہ کیا کہ ثانوی تعلیم کو مفت کر دیا۔ اس کے ساتھ ہی ایک بل پیش کر دیا کہ سترہ سال کی عمر تک ہر بچہ کو جبری تعلیم دی جائے۔ اس سے پھر ایک طوفان اٹھا۔ سوال یہ پیدا ہوا کہ اتنے اسکول اور اتنے اساتذہ کہاں سے آئیں گے۔ طٰہٰ حسین نے کہا کہ اس کا انتظام میں کروں گا۔ اس نے گاؤں گاؤں جا کر مدرسوں کے لیے مکان حاصل کیے اور تھوڑے ہی دنوں میں قریب ڈھائی ہزار مکانوں کا انتظام کر لیا۔ اساتذہ کے لیے اس نے جدید قسم کا ٹریننگ کورس وضع کیا جس سے اس نے اٹھارہ مہینوں میں بارہ ہزار نئے استاد تیار کر دیئے۔ جہاں تک حکومت سے روپیہ حاصل کرنے کا تعلق تھا اس نے حکومت کے اس کمزور پہلو سے خوب فائدہ اٹھایا کہ وہ اپنی نیک نامی کے لیے طٰہٰ حسین کو وزارت میں رکھنا چاہتی تھی۔ طٰہٰ حسین اپنی جیب میں ہر وقت اپنا استعفیٰ رکھتا تھا جونہی کسی مقام پر حکومت روپیہ دینے میں پس

وپیش کرتی وہ جھٹ سے اپنا استعفیٰ نکال کر میز پر رکھ دیتا اسے استعفیٰ بھی واپس مل جاتا اور اس کے ساتھ مطلوبہ روپیہ بھی۔

وزیر تعلیم کی حیثیت میں ڈاکٹر طٰہٰ حسین نے انگریزی اور فرانسیسی زبانوں کی بہترین کتابیں عربی میں ترجمہ کرائیں اور مصر کے سینکڑوں نوجوانوں کو امریکہ اور یورپ کی درسگاہوں میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے بھیجا۔

لیکن طٰہٰ حسین کے راستہ میں شاہ فاروق ایک سنگ گراں بن کر حائل تھا۔ طٰہٰ حسین کھلے بندوں شاہ فاروق پر اعتراضات کرتا اور کسی جائز تنقید سے کبھی نہ جھجکتا۔ حکومت نے اس کے میگزین کو بند کر دیا تا کہ وہ اپنے خیالات کو پھیلا نہ سکے۔ ایک دفعہ اسے ایک مضمون کی بنا پر گرفتار کر لیا گیا لیکن عدالت نے اسے تھوڑے سے جرمانہ کی سزا دے کر چھوڑ دیا۔

جنرل نجیب نے شاہ فاروق کے خلاف 1953ء میں جو انقلابی قدم اٹھایا تھا ڈاکٹر طٰہٰ حسین کا اس سے براہِ راست کوئی تعلق نہیں تھا یہ ایک خالص فوجی اقدام تھا اور اس زمانہ میں طٰہٰ حسین مصر میں موجود بھی نہیں تھا وہ اٹلی میں تھا۔ لیکن اس کے باوجود یہ حقیقت ہے کہ شاہ فاروق کے خلاف طٰہٰ حسین کی مسلسل کوششوں سے مصر کی فضا اس انقلاب کے لیے بالکل ہموار ہو چکی تھی۔

طٰہٰ حسین آج قاہرہ کے نواح میں ایک سادہ سے مکان میں اپنی بیوی کے ساتھ اطمینان کی زندگی بسر کر رہا ہے۔ اس کی لائبریری میں فرانسیسی، یونانی، عربی زبان کی ہزاروں کتابیں موجود ہیں جسے کوئی نہ کوئی اسے پڑھ کر سناتا رہتا ہے۔ موسیقی سے اسے خاص شغف ہے وہ اپنا بیشتر حصہ تالیف وتصنیف کے کام میں گزارتا ہے۔ مصر کا ملک جتنے بڑے بڑے اعزازات کسی کو دے سکتا تھا وہ سب ڈاکٹر حسین کو دیئے جا چکے ہیں۔ اپنے ملک سے باہر آکسفورڈ، روم، لیونز اور دوسری بڑی بڑی یونیورسٹیوں نے اسے آنریری ڈگریاں دی ہیں۔ بلجیم، فرانس اور یونان کی حکومتوں نے اسے خاص عطیے دیئے ہیں۔ ایک دفعہ یہ تجویز بھی ہوئی تھی کہ اسے یونسکو (Unesco) کا ڈائریکٹر جنرل بنا دیا جائے۔ لیکن اس کے ملک نے یہ کہہ کر اس تجویز کو نامنظور کر دیا کہ، مصر کی آنکھوں کو اس اندھے کی بڑی ضرورت ہے۔

آج اس بچپن کے اندھے کے طفیل مصر کی مختلف درسگاہوں میں قریب بیس لاکھ طالبعلم بیک وقت تعلیم کی روشنی سے اپنی آنکھیں منور کرتے ہیں۔

(ماخوذ از ریڈرز ڈائجسٹ)

طلوعِ اسلام: خدا کرے کہ پاکستان کو بھی کوئی اسی قسم کا بالغ نظر اندھا مل جائے جو ان تاریکیوں کو دور کر سکے جو یہاں کے آنکھوں والوں نے اس بری طرح سے پھیلا رکھی ہیں!

(اقتباس از طلوع اسلام، کراچی، 27 اگست 1955ء)

خواجہ ازہر عباس، فاضل درسِ نظامی
azureabbas@hotmail.com
www.azharabbas.com

ماہنامہ ''اشراق'' کے ایک مضمون ''اسلام اور خلافت'' کے حوالے سے

مؤقر ماہنامہ ''اشراق'' پاکستان کا ایک بلند پایہ ماہنامہ ہے۔ اس میں بہت معیاری اور پُرمغز مضامین طبع ہوتے ہیں۔ پاکستان میں ایک بہت بڑے حلقے کا ایک خاص ذہن اس ماہنامہ نے بنایا ہے۔ یہ ماہنامہ مذہب کا داعی ہے۔ مذہب چونکہ خود توہم پرستی اور irrationality پر مبنی ہوتا ہے اس لئے اس کا سارا لٹریچر عموماً توہم پرستی اور غیر عقلی باتوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ پاکستان میں ہی تحریکِ طلوعِ اسلام بھی کام کر رہی ہے اور ہر طرف غور و فکر کی لہریں پھیلا رہی ہے۔ ہمارا مذہبی لٹریچر بھی اس سے متاثر ہو رہا ہے۔ ماہنامہ اشراق اگرچہ مذہب کا داعی ہے لیکن طلوعِ اسلام کی فکر سے بالواسطہ یا بلاواسطہ متاثر ہو کر قرآن کے قریب بھی آیا ہے اور مذہب کی بے بنیاد چیزوں کو چھوڑ کر، معقولیت پسندی بھی اختیار کی ہے۔ بعض مرتبہ آدمی غیر شعوری طور پر بھی متاثر ہو جاتا ہے اور خود کو اس کا احساس نہیں ہوتا۔ تحریکِ طلوعِ اسلام نے پاکستان کے مذہبی اور سیکولر دونوں اذہان کو متاثر کیا ہے۔

یہاں تک تو لگا لائے ہیں ہم منزل پہ ناصح کو
کہ سمجھاتا ہوا اب تا درِ میخانہ آتا ہے

اس ماہنامہ کے اگست 2015ء کے شمارے میں جناب ریحان احمد یوسفی صاحب کا ایک مضمون بعنوان ''اسلام اور خلافت'' شائع ہوا ہے۔ جو ایک قیمتی مضمون ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ خلافت راشدہ کے انقراض کے بعد سے امت مسلمہ میں سے کسی شخص نے اقامتِ دین کی دعوت نہیں دی۔ یہ سارا تیرہ سو سال کا عرصہ دین کے تصور سے بالکل خالی رہا ہے۔ جناب یوسفی صاحب نے تحریر فرمایا ہے کہ کمیونزم کے ردِّعمل میں مولانا مودودی نے حکومت اِلٰہیہ کا تصور پیش کیا۔ ان کے اپنے الفاظ میں ''چنانچہ حکومت الٰہیہ کا نظریہ جس میں صالحین کی ایک جماعت جدوجہد کر کے، اقتدار پر قبضہ کرنے اور پہلے پورے سماج کو بدل دینے اور پھر دنیا بھر پر اسلام کو غالب کر دینے کی علم بردار تھی، کمیونزم کا ایک بہت اچھا متبادل بن کر سامنے آئی۔'' انہوں نے مزید تحریر فرمایا ''اس کے (یعنی کمیونزم) کے جواب میں اسلام کو اسی انداز سے پیش کر کے، مولانا مودودی نے بہرحال بہت سارے لوگوں کو کمیونزم کی آغوش میں جانے سے بچایا'' اگرچہ انہوں نے اپنے مضمون میں مولانا مودودی مرحوم کی بہت تعریف تحریر کی ہے۔ لیکن عملی طور پر ان سے اختلاف کر کے، اور جناب غامدی صاحب سے اتفاق کرتے ہوئے، انہوں نے دین کا مقصد تزکیہ نفس ہی قرار دیا ہے۔ اپنے اس موقف کی تائید میں انہوں نے تین آیات کے تراجم بھی تحریر کئے ہیں۔

انہوں نے ایک پیراگراف میں تحقیر آمیز انداز میں مختصر طور پر محترم پرویز صاحب کا بھی ذکر کیا ہے اور ان کی فکر پر اپنا تبصرہ دینے کی بجائے، انہوں نے مولانا مودودی مرحوم کا تبصرہ تحریر کیا ہے۔ جو مودودی صاحب کے کسی مضمون کی چند سطور پر مشتمل ہے۔ ان سطور کا سیاق وسباق معلوم نہ ہونے کی وجہ سے، ان سطور کا مفہوم واضح نہیں ہے۔ تاہم یہ بات واضح ہے کہ جو حضرات مذہب کے داعی ہوں گے وہ تحریک طلوعِ اسلام کے نظریات سے اتفاق نہیں کر سکتے اس لئے بھی کہ یہ تحریک قرآنِ خالص کی طرف دعوت دیتی ہے اور یہ بات مذہبی پیشوائیت کو کسی طرح ہضم نہیں ہو سکتی۔

نہ ہمیں اس مضمون سے کوئی تعرض ہے، نہ اس مضمون پر تبصرہ مقصود ہے۔ اس لیے ہم نے اس مضمون میں صرف مخلص تحریر کیا ہے اس مضمون سے کلیۃً صرفِ نظر کرتے ہوئے، ہم اقامتِ دین اور تزکیہ نفس کے بارے میں تحریکِ طلوع اسلام کا موقف پیش کرتے ہیں، پھر اس موقف کے تناظر میں آپ خود ان دونوں فرائض کے مقام کا تعین فرمالیں۔

اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کی ذاتِ عالی صفات، اتنی بلند و بالا وارفع واعلیٰ ہے کہ وہ ہر انسان سے براہِ راست اپنے معاملات طے نہیں کرتا۔ وہ اپنے اور انسانوں کے مابین اپنے منتخب کردہ برگزیدہ انبیاء کرام کو ڈالتا ہے اور ان کے واسطے سے انسانوں سے تعلق قائم کرتا ہے۔ نہ اس کا علم براہِ راست انسانوں کو ملتا ہے (2/118)، (42/52) اور نہ ہی کوئی انسان براہِ راست اس کی اطاعت کر سکتا ہے۔ انسان اللہ تعالیٰ کا علم انبیاء کرام کی معرفت حاصل کرتے ہیں، اور اس کی اطاعت بھی رسولوں کے ذریعے کرتے ہیں۔ ان دونوں امور کی وضاحت پیش خدمت عالی کی جاتی ہے۔

پہلے اللہ تعالیٰ سے علم حاصل کرنے کی وضاحت عرض کی جاتی ہے۔ مشرکین کے ایک مطالبہ کا ذکر کرتے ہوئے سورہ بقرہ میں ارشاد عالی ہے وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ (2/118)، ترجمہ: جو لوگ علم نہیں رکھتے وہ کہتے ہیں کہ خدا ہم سے ہم کلام کیوں نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ نے مشرکین کے اس مطالبہ کا کوئی جواب یہاں نہیں دیا، بلکہ اللہ تعالیٰ نے اس مطالبہ کا جواب سورہ شوریٰ میں دیا ہے جبکہ ارشاد فرمایا وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ (42/51) ترجمہ: اور کسی آدمی کے لیے یہ ممکن نہیں کہ خدا اس سے بات کرے مگر وحی کے ذریعے سے، یا پردہ کے پیچھے سے، یا کوئی فرشتہ بھیج کر غرض وہ اپنے اختیار سے جو چاہتا ہے پیغام بھیجتا ہے بیشک وہ عالی شان حکمت والا ہے۔ ہمارے ہاں جب سے تفاسیر تحریر کرنی شروع ہوئی ہیں اس دن سے لے کر اس قرآنی دور تک، جس میں تحریک طلوعِ اسلام کا آغاز ہوا ہے اس آیت کا غلط ترجمہ اور غلط تفسیر کی گئی ہے اور اس تفسیر میں عملاً ایسے دروازے اور پھاٹک کھلے رکھے گئے اس کہ جن دروازوں سے علم خداوندی براہِ راست انفرادی طور پر حاصل کیا جا سکے۔ اس آیت کی غلط تفسیر کی وجہ سے وحی خفی، الہام، القاء، کشف، استخارہ، تفاول، رویائے صادقہ، کی تصویب کر دی گئی ہے۔ اس تفسیر سے سب سے بڑا

نقصان یہ ہوا کہ اس سے قرآنِ کریم کی اہمیت کم ہوگئی۔ اس کی وجہ سے مسلمانوں میں فرقہ بندی ہوئی اور الہام کو اساس قرار دے کر تشیع اور احمدیت دونوں وجود میں آئیں۔ شیعہ حضرات کے ہاں الہام کو حُجّت قرار دیا گیا ہے اور قول امام کو اس طرح حُجّت قرار دیا گیا جس طرح سب مسلمانوں میں قول رسول حُجّت ہے حالانکہ قرآنِ کریم کی رُو سے نہ قول امام حُجّت ہے اور نہ قول رسول (3/159) اب اس آیت کی قرآنی تفسیر پیش خدمت عالی کی جاتی ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو علم بھی آیا وہ صرف کلام کے ذریعے الفاظ کی شکل ہی میں آیا۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی علم بغیر کلام کے نہیں آیا اور کلام کے لیے الفاظ ضروری ہیں۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو علم بھی انسانیت کی طرف آیا وہ صرف الفاظ کی شکل میں آیا۔ جو صرف قرآن میں ہے اور وحی خفی اور الہام میں چونکہ الفاظ نہیں ہوتے اس لیے وہ حصولِ علم الٰہی کا ذریعہ نہیں بن سکتے۔

اس آیۂ کریمہ میں پوری نوع انسانی تک اللہ کی ہدایت موصول ہونے کا ذکر ہو رہا ہے۔ انسانوں کی دو قسمیں ہیں ایک سول اور دوسرے رسولوں کے علاوہ تمام نوع انسانی جیسا کہ اس آیۂ کریمہ سے واضح ہوتا ہے فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ (7/6) پھر ہم ضرور ان لوگوں سے جن کی طرف پیغمبر بھیجے تھے سوال کریں گے اور خود پیغمبروں سے بھی پوچھیں گے۔ سورۂ شوریٰ کی مذکورہ آیت کے پہلے حصہ میں رسولوں کا ذکر ہے کہ ان تک خدا کی ہدایت کس طرح پہنچی ہے۔

رسولوں کو ہدایت ملنے کے دو طریقے ہیں۔ ایک وہ وحی جبرائیل لاتے تھے جیسا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی آتی تھی۔ یعنی جبرائیل کے ذریعے جس کی بابت ارشاد ہے فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ (2/97) اور دوسرا طریقہ فرشتے کے بغیر براہِ راست اس طریقہ سے کہ آواز تو سنائی دے لیکن متکلم دکھائی نہ دے جیسا کہ حضرت موسیٰؑ کی طرف وحی ہوئی تھی اور جس کا ذکر سورہ طٰہٰ میں ہے۔

یہ دونوں طریقے انبیاء کرامؑ کے ساتھ مخصوص تھے۔ اب رہے وہ تمام لوگ جن پر تمام نوع بشر مشتمل ہے اور جو رسول نہیں ہیں تو ان کے ساتھ کلام خداوندی کا طریقہ یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ ان کی طرف اپنا ایک رسول بھیجتا تھا اور اس رسول کی معرفت اپنا کلام عام انسانوں تک پہنچاتا تھا۔ یہ رسول ان کے درمیان واسطہ بنتا تھا۔ اللہ تعالیٰ تو رسول کے علاوہ کسی بھی بشر سے بات نہیں کرتا اور وحی الٰہی یعنی علم خداوندی بھی انسانوں میں صرف انبیاء کرام کی طرف آتی تھی۔ رسولوں کے علاوہ عام انسانوں کو خدا کی وحی صرف انبیاء کرام کی معرفت ملتی تھی۔

جہاں تک اطاعت خداوندی کا تعلق ہے اس کے متعلق ارشاد ہوا۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝ (4/59) ترجمہ: اے ایمان والو اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو اللہ کے رسول کی اور اُن کی جو تم میں سے صاحب امر ہوں۔ پھر اگر کسی معاملہ میں تمہارا اختلاف ہو تو اُسے اللہ و رسول کی طرف پھیر دو اور یہی چیز اس بات کی دلیل

ہوگی کہ تمہیں خدا اور آخرت پر ایمان ہے۔ یہ انجام کار تمہارے لیے بہت بہتر ہوگا۔

اس آیت کریمہ میں دو باتیں غور طلب ہیں جن کے پیش نظر نہ رکھنے کی وجہ سے ہماری پیشوائیت سے لغزش ہوئی ہے۔ اس آیۂ کریمہ میں اگرچہ اللہ و رسول کے دو الفاظ آئے ہیں اور بظاہر یہ دو اطاعتیں معلوم ہوتی ہیں۔ لیکن قرآن کریم نے اللہ و رسول کے الفاظ کو بطور ایک اپنی اصطلاح کے استعمال کیا ہے اور اس کو ایک اطاعت قرار دیا ہے قرآن میں جہاں کہیں بھی یہ اصطلاح آئی ہے۔ ہر جگہ اس کے لیے واحد کی ضمیر لائی گئی ہے۔ لہٰذا خدا کی اطاعت کی عملی شکل اس مملکت کی اطاعت قرار دی گئی۔ اب اس سلسلہ میں وہ آیات ملاحظہ فرمائیں جہاں اللہ و رسول کے لیے بطور مرکز مملکت کے واحد کی ضمیر لائی گئی ہے۔

1۔ اَلَّذِیْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰہِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ بَعْدِ مَآ اَصَابَھُمُ الْقَرْحُ ۚ لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوْا مِنْھُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِیْمٌ (3/172)، ترجمہ: جن لوگوں نے اللہ اور اس کے رسول کی پکار کا جواب دیا باوجودیکہ وہ زخم کھا چکے تھے ان میں جو لوگ نیک کردار اور متقی ہیں یقیناً ان کے لیے بہت اجر ہے۔

2۔ یہودیوں نے مدینے میں اس عہد کو توڑا تھا جو انہوں نے حضورؐ سے کیا تھا۔ اس عہد شکنی کو ''خدا اور رسول'' کی مخالفت کہا گیا ہے اس لیے کہ یہ اسلامی نظام کی مخالفت تھی ذٰلِكَ بِاَنَّھُمْ شَآقُّوا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ ۚ وَمَنْ یُّشَآقِّ اللّٰہَ فَاِنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ (59/4) ترجمہ: یہ اس لیے ہے کہ انہوں نے ''اللہ اور اس کے رسول'' کی مخالفت کی ہے۔ جو کوئی اللہ کے حکم کی مخالفت کرتا ہے تو اللہ کا قانون سخت سزا دینے والا ہے۔

3۔ اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَعَنَھُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاَعَدَّ لَھُمْ عَذَابًا مُّھِیْنًا (33/57)، ترجمہ: جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو اذیت پہنچاتے ہیں ان کے لیے دنیا اور آخرت میں ذلت آمیز عذاب ہے اور خدا کی لعنت۔'' اس آیت میں اگر اللہ سے مراد اس کی ذات عالی اور رسول سے مراد ذاتِ رسالت مآب لی جائے تو اس کا کوئی مفہوم بنتا ہی نہیں۔ کیونکہ اللہ کو کس طرح اذیت دی جاسکتی ہے، اس کا تو تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ اللہ و رسول کو ایذا پہچانے کا مقصد نظام خداوندی کو نقصان پہچانا ہے۔

4۔ بَرَآءَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖٓ اِلَی الَّذِیْنَ عٰھَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ (9/1)، جن مشرکوں نے تم سے معاہدہ کیا تھا ان کے لیے اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے بری الذمہ ہونے کا اعلان کیا جاتا ہے۔

اس بارے میں کہ قرآن نے اللہ و رسول کے الفاظ بطور ایک اصطلاح کے اسلامی نظام کے مرکز کے لیے استعمال کیے ہیں۔ اس بارے میں بہت آیات ہیں جن میں سے چند کے حوالے ہم تحریر کیے دیتے ہیں تاکہ یہ مضمون طویل نہ ہو۔ 24/63، 24/54، 80/20، 9/74، 9/62، 59/8، 33/36، 58/20، 58/5، 9/107، 8/13، 8/46،

9/24اس کے علاوہ اور بہت سے حوالہ جات ہیں۔

نکتہ یہ بیان کرنا ہے کہ یہ ایک اطاعت ہے اور اس سے مراد اسلامی نظام کی اطاعت ہے۔ اس آیت میں دوسری غور طلب بات یہ ہے کہ اس آیت کی رُو سے اولی الامر کی اطاعت بھی فرض ہے۔ قرآن کریم نے اولی الامر کو حاملین عرش الٰہی بھی کہا ہے جب بھی دنیا میں اسلامی مملکت قائم ہوگی، تو جو لوگ اس حکومت کے قیام واستحکام کے ذمہ دار ہوں گے وہ ہی حاملین عرش الٰہی کہلائیں گے اور ان کی اطاعت فرض ہوتی ہے۔ ہمارے علماء کرام کا بھی اس پر اتفاق ہے کہ اسلامی مملکت کے مقامی حاکم کی اطاعت فرض ہوتی ہے۔ قرآنِ کریم نے جب مقامی حکام کی اطاعت کو فرض قرار دے دیا تو اس کا ابتدائی نتیجہ یہ ہے کہ قرآن نے انسانیت کو ایک نظام سے متعارف کرا دیا ہے۔ قرآن سے پہلے کسی جگہ بھی نظام کا تصور نہیں تھا۔ قبائلی نظام، یا قوت کے زور پر جاری کردہ کوئی بھی نظام ہو، اس میں انفرادی اطاعت ہوتی تھی۔ کسی کے ذہن میں بھی ایسا اجتماعی نظام کا تصور نہیں تھا جس میں کسی فرد کی اطاعت نہ ہو۔ قرآن کریم نے ایک نظام دیا اور اس نظام کی اطاعت کو اللہ و رسول کی اطاعت قرار دیا۔ اللہ کی عبادت کا عملی مفہوم اسلامی نظام کی اطاعت ہے۔ اصل نقطہ مَاسکہ اس مبحث کا یہ ہے کہ اللہ و رسول کی اطاعت صرف اسلامی نظام کی معرفت ہو سکتی ہے اگر وہ نظام قائم ہے تو اللہ و رسول کی اطاعت ہو رہی ہے۔ لیکن اگر وہ نظام قائم نہیں ہے، جیسا کہ آج کل کسی جگہ اسلامی نظام جاری نہیں ہے تو اس وقت اس وسیع وعریض زمین پر ایک گز جگہ بھی ایسی نہیں ہے جہاں عبادت و اطاعتِ خداوندی ہو رہی ہو۔ ہم مسلمان صرف پرستش کر رہے ہیں ہم اطاعت نہیں کر رہے قرآن کریم نے عبادت کا لفظ محکومیت کے معنوں میں استعمال کیا ہے۔ قرآن کریم نے جہاں قصاص کا حکم دیا ہے۔ وہاں فرمایا،

يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ؕ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَ الْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ (2/178)، اے ایمان والو فرض ہوا تم پر (قصاص) برابری کرنا مقتولوں میں، آزاد کے بدلے آزاد، اور غلام کے بدلے غلام اور عورت کے بدلے عورت (ترجمہ حضرت شیخ الہند)۔ اس آیت میں العبد کو الحر کے مقابلے میں لایا گیا ہے جس سے ظاہر ہے کہ ایک عبد اپنے آقا کی محکومیت و اطاعت کرتا ہے وہ اپنے آقا کی پرستش نہیں کرتا۔ سورہ یوسف میں ارشاد ہے اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ؕ (12/40) ترجمہ: حکومت اللہ کے علاوہ کسی کی نہیں ہو سکتی اس نے حکم دیا ہے کہ اس کے علاوہ کسی کی عبودیت اختیار نہ کرو، اس آیت کریمہ میں حکومت اور عبادت کے الفاظ مترادف معانی میں استعمال ہوئے ہیں۔ حضرت موسیٰؑ کی داستان میں ہے کہ انہوں نے فرعون سے فرمایا کہ تم جو بنی اسرائیل پر اپنے احسانات بیان کر رہے ہو تو ان کی حقیقت یہ ہے کہ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (26/22) ترجمہ: کہ تو نے تو بنی اسرائیل کو اپنا محکوم بنا رکھا ہے۔ اسی طرح قوم فرعون کا یہ فقرہ بھی قرآن نے نقل کیا ہے جبکہ انہوں نے کہا کہ ہم ان دونوں کی بات تسلیم کر لیں جو ہمارے جیسے

انسان ہیں وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ (23/47)۔اس بات کی تائید ہیں کہ عبادت کے معنی محکومیت کے ہیں اور آیات بھی پیش کی جاسکتی ہیں جو ایک کثیر تعداد میں بیان کی گئی ہیں۔

مسلمان اپنے اس زوال اور ادبار سے جب ہی باہر آسکتے ہیں جب وہ پرستش کے تصور سے نکلیں اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت اختیار کریں اور پرستش اور اطاعت کے فرق کو سامنے رکھیں اور اس بات کو خوب ذہن نشین کرلیں کہ پرستش کا اطاعت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ پرستش کے نتائج ان کے نزدیک مرنے کے بعد آخرت میں ملیں گے جو ثواب کہلائے جاتے ہیں جبکہ اطاعت کے نتائج اسی دنیا میں سامنے آجاتے ہیں اور اپنے ثمرات دینے لگتے ہیں۔ سورہ النور میں ارشاد عالی ہے وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ (24/53)
ترجمہ: اور اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں اپنی تاکید کی قسمیں کہ اگر تو حکم کرے تو سب کچھ چھوڑ کر نکل جائیں، تو کہہ، قسمیں نہ کھاؤ، حکم برداری چاہئے جو دستور ہے اللہ کو خبر ہے جو تم کرتے ہو (ترجمہ حضرت شیخ الہند) اس آیت میں طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ کے الفاظ آئے ہیں جس سے یہ مراد ہے کہ اطاعت جانی پہچانی ہوتی ہے اور یہ بات ہر شخص محسوس کرسکتا ہے کہ اطاعت سرانجام دی جارہی ہے یا نہیں۔ اطاعت قسموں سے ثابت نہیں ہوتی عمل محسوس اپنا تعارف خود کراتا ہے۔

پرستش اور اطاعت میں دوسرا فرق یہ ہوتا ہے کہ پرستش صرف چند رسوم کے ادا کردینے سے ہوجاتی ہے۔ جبکہ اطاعت کرنے کے لیے ایک زندہ اتھارٹی کا ہونا ضروری ہوتا ہے۔ اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ (24/51) ترجمہ: ایمان والوں کی بات یہی تھی کہ جب بلائیے ان کو اللہ و رسول کی طرف، ان میں فیصلہ کرنے کو، تو کہیں ہم نے سن لیا، اور حکم مان لیا اور وہ لوگ کہ ان ہی کا بھلا ہے۔ اس آیۂ کریمہ میں سماعت کو اطاعت کی شرط قرار دیا گیا ہے اور ظاہر ہے کہ یہ سماعت کسی زندہ اتھارٹی کی ہوگی۔

اطاعت کرنے کی بجائے پرستش کرنے کے غلط عقیدہ نے مسلمانوں کو تباہ کیا ہے۔ مذہب میں پرستش کے لیے الگ پرستش گاہیں مساجد ہوتی ہیں۔ لیکن دین میں وہ تمام ادارے جہاں سے قوانین خداوندی جاری ہوتے ہیں وہ مساجد ہوتے ہیں۔ سپریم کورٹ، پارلیمنٹ، تحصیل، تھانے یہ سب مساجد اللہ ہوتے ہیں۔ دین میں شرعی عدالتیں الگ نہیں ہوتیں، اس میں سب عدالتیں دینی ہوتی ہیں۔ قرآن کریم کے ہر حکم کی اطاعت، عبادت خداوندی ہوتی ہے اور ہر عبادت حکم کا درجہ رکھتی ہے۔ اسلامی حکومت کی اطاعت ہی عبادت خداوندی ہوتی ہے جب آپ ٹریفک سگنل پر رکتے ہیں تو یہ عبادت الٰہی ہوتی ہے اس نظام میں تزکیہ نفس خود بخود ہوتا جاتا ہے، اور صبح سے رات تک تعلق باللہ قائم رہتا ہے۔ اس مملکت کی محسوس علامات Symbols شعائر اللہ کہلاتی ہیں۔ ان علامات کے احترام سے مملکت کا احترام ہوتا ہے۔ اسلامی مملکت کا

جھنڈا (Flag) کرنسی، پاسپورٹ سب شعائر اللہ ہوتے ہیں۔ ان شعائر کا احترام درحقیقت ان قوانین خداوندی کا احترام ہوتا ہے جن کے نفاذ سے وہ مملکت قائم ہوتی ہے۔ ان شعائر اللہ کی پرستش نہیں کی جاتی۔ ان کی ذاتی حقیقت کچھ نہیں ہوتی۔ یہ محض علامات ہوتے ہیں ایک واجب الاحترام شے کی، قرآن کریم میں شعائر اللہ کی اصطلاح انہی معانی میں استعمال ہوتی ہے۔ ان شعائر اللہ کا احترام بھی ضروری ہے (22/32) اس کے برعکس طاغوتی نظام کے ہر حکم کی اطاعت معصیتِ خداوندی ہوتی ہے اس وجہ سے غیر اسلامی نظام میں زندگی بسر کرنا قرآن کی رُو سے جرم ہے (6/123)

اللہ کی اطاعت تو ہوتی ہی اس نظام کے ذریعے ہے۔ جب حضورؐ نے بیاسی دفاعی لڑائیاں کر کے نظام قائم فرمایا تو حضورؐ نے اپنے فرائض سے تجاوز نہیں کیا۔ نظام کا قائم کرنا حضورؐ پر فرض تھا (42/13) اقامت دین ہی حضورؐ کی سب سے بڑی سنت اور اتباعِ اسوۂ حسنہ ہے۔ اس نظام کو سب سے پہلے حضورؐ نے قائم فرمایا حضور ﷺ خود اس نظام کی فائنل اتھارٹی تھے۔ حضورؐ کے بعد آپ کے جانشین اس نظام کی فائنل اتھارٹی تھے۔ اس لیے ان کی اطاعت عبادت خداوندی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن نے خدا اور رسول کی اطاعت کے لیے اس بات کی نشاندہی کر دی۔ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ (8/20) اس حال میں کہ تم سن رہے ہو۔ اس لیے یہ بات واضح ہے کہ اطاعت ایک زندہ محسوس اتھارٹی کے ذریعے ہوتی ہے کتب روایات کے ذریعے نہیں ہو سکتی۔

جناب محترم یوسفی صاحب نے تحریر فرمایا "یہی وہ تزکیہ، یہ عقیدے، عمل اور اخلاق کو ہر آلائش سے پاک کرنے کا عمل" یہ تزکیہ مذہبی ہوتا ہے اور یہ غیر قرآنی تصور اور غیر قرآنی عمل ہے۔ قرآن کی رو سے تزکیہ نفس، انسانی ذات کی صلاحیتوں کو نشوونما دینا ہے۔ رسول اللہ کے فرائض میں لوگوں کا تزکیہ نفس کرنا بھی تھا۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ حضورؐ نے وہ نظام قائم فرمایا تھا کہ جس میں ہر شخص کی ذاتی صلاحیتیں پوری پوری پروان چڑھ جاتی تھیں۔ جس میں جو Potential تھا وہ Actualize ہوتا تھا۔ انسانی ذات کی نشوونما مستقل اقدار کے مطابق زندگی بسر کرنے سے ہوتی ہے۔ یہ معاشرہ خود مستقل اقدار اور صفات خداوندی پر متشکل ہوتا ہے۔ اس قرآنی معاشرہ میں تزکیہ نفس از خود ہوتا چلا جاتا ہے۔ خود تزکیہ نفس میں اضافہ کرتا چلتا ہے۔ جس رزق کی تقسیم قانون خداوندی کے مطابق نہیں ہوتی اس رزق کا ایک ایک لقمہ حرام ہوتا ہے۔ غیر اسلامی نظام کی معیشت کا انحصار ربوٰ پر ہوتا ہے جو اللہ رسول کے خلاف جنگ ہے۔ اس رزق کے کھانے کے بعد تزکیہ نفس کبھی نہیں ہو سکتا ہے جو حرام رزق کھاتا ہے اور اللہ سے جنگ کرتا ہے اس کا تزکیہ نفس نہیں ہو سکتا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى (53/32) تم خود یہ خیال نہ کرو کہ تمہارا تزکیہ نفس ہو رہا ہے اس کو جانچنے اور ماننے کا معیار اور پیمانہ صرف خدا کی کتاب ہے نہ کہ انسانوں کے خود ساختہ پیمانے (91/7، 92/17) قرآن کریم نے تزکیہ نفس کا اصول خود بتا دیا فرمایا اَلَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى (92/18) جو اپنا مال نوع انسانی کی پرورش کے لیے کھلا رکھتا ہے اس کا تزکیہ ہوتا ہے۔ اس کی مزید تاکید فرمائی مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى (92/5) جو دیتا ہے وہ تقویٰ اختیار کرتا ہے۔ سورہ النساء میں ارشاد ہوتا ہے اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۭ (4/49) ذرا ان لوگوں کی حالت بھی

دیکھو جو اپنے تزکیہ نفس کے مدعی ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم نے اپنی نفوس کا تزکیہ کرلیا ہے بَلِ اللّٰہُ یُزَکِّیْ مَنْ یَّشَآءُ (4/49)، یاد رکھو انسانی ذات کا تزکیہ خدا کے قوانین کے مطابق ہوتا ہے۔ یہ صرف اس نظام میں ہوسکتا ہے جو مستقل اقدار پر قائم ہوتا ہے اور ہر فردِ انسانی کی صلاحیتوں کی نشوونما کرتا چلتا ہے۔

آخر میں جناب یوسفی صاحب کی خدمت میں عرض ہے کہ ان کے احترام کے پیش نظر ہم نے ان کے مضمون پر تبصرہ نہیں کیا ہے صرف تحریک طلوعِ اسلام کا مؤقف بیان کیا ہے۔ جو شخص بھی قرآن کریم کا طالب علم ہے۔ ہم اس کا احترام کرتے ہیں۔ سوچ میں اختلاف کی وجہ سے کسی قرآنی طالب علم کا احترام ہمارے دل میں کم نہیں ہوسکتا البتہ یوسفی صاحب سے اتنی درخواست ضروری ہے کہ اس دور میں پوری انسانیت اور خاص طور پر مسلمان بڑے مصائب کا شکار ہیں۔ ساری انسانیت کے مصائب کا حل صرف نظام خداوندی کے قائم کرنے میں مضمر ہے۔ قرآن کریم انسانیت کے تمام تقاضوں کو پورا کرتا ہے اور یہی اس کی وحی الٰہی ہونے کی دلیل ہے۔ اس وقت خاص طور پر جب انسانیت اپنے وضع کردہ تمام نظام ہائے باطل سے تنگ اور مایوس ہوچکی ہے۔ آپ مسلم اور غیر مسلم مفکرین کے سامنے اسلام کا نظام پیش کریں۔ امریکہ، یورپ اور دیگر ممالک جن اقدار پر عمل کررہے ہیں وہ سب باطل اقدار ہیں۔ ہمارا ایمان ہے کہ قرآن کریم کی عطا کردہ اقدار حق ہیں، اور وہ صرف اس وقت اپنے نتائج دیتی ہیں جب آپ ان کی بنیاد پر ایک معاشرہ کی تشکیل کریں۔ اسلامی نظام میں صفات خداوندی ٹھوس، محسوس شکل میں سامنے آجاتی ہیں۔ اس نظام کے قیام سے غلبہ حاصل ہوتا ہے۔ (3/139، 4/141، 9/33، 48/28، 61/9) اس نظام کی معرفت دعائیں پوری ہوتی ہیں (27/62) اور صرف اسی نظام کے ذریعے تزکیۂ نفس اور عبادت خداوندی ہوتی ہے۔

ضرورتِ رشتہ

ایک بیٹی، عمر 28 سال، میڈیکل ڈاکٹر (MD)

یورپ کی شہری اور یورپ کے گورنمنٹ ہسپتال میں ڈاکٹر۔ پنجاب کے معروف اور تعلیم یافتہ خاندان سے تعلق مختصر افرادِ خانہ پر مشتمل کنبہ کے لئے رشتہ درکار ہے۔

نوجوان کی عمر 28 سے 30 سال تک ہو، میڈیکل ڈاکٹر، فارماسسٹ یا اعلیٰ تعلیم یافتہ پروفیشنل ڈگری ہولڈر جو یورپ میں Set ہوسکے۔ تعلیم یافتہ خاندان سے تعلق رکھتا ہو۔

رابطہ بذریعہ والدین رابطہ کے لئے ای میل wishbest786@gmail com

ڈاکٹر انعام الحق۔ اسلام آباد

باب المراسلات

پرویز صاحب کی سوچ کی پیروی کرنے والوں کی ذہنیت پر اعتراض

ایک صاحب نے فیس بک پر درجِ ذیل تحریر پیش کر کے کمنٹس مانگے کہ:

لاشعوری طور پر اندھی تقلید:

''حالانکہ علامہ پرویز صاحب کا میں دِل سے بہت احترام کرتا ہوں۔ پھر بھی مجھے یہ تحریر لکھنے کی ضرورت پیش آئی۔

مَیں بہت عرصے سے ایک بات کا مشاہدہ کر رہا ہوں، کہ اکثریت یہ کہتی ہے کہ ہم کسی بھی شخص سے عقیدت کی وجہ سے قرآن کی تعلیم کو نہیں مانتے بلکہ اس کی دلیل کی بنیاد پر مانتے ہیں، لیکن اکثر قرآنسٹ خاص طور پر علامہ پرویز کے منع کرنے کے باوجود ان کے ہی مفہوم وتشریح کو حرفِ آخر مان کر انہی کی باتوں کو آگے چلا رہے ہیں، اور خود بالکل غور فکر نہیں کرتے اور اگر کوئی محترم علامہ پرویز صاحب کی کسی بات کو دلیل کی بنیاد پر رد کر دے تو وہ دلائل سمجھنے اور اپنی اصلاح کرنے کی بجائے، اس بات پر اڑ جاتے ہیں کہ نہیں جی صرف علامہ محترم پرویز صاحب کا موقف ہی صحیح ہے باقی سب قرآن کا مفہوم غلط لکھ رہے ہیں۔ اسی طرح قرآن کا مفہوم اور تشریح دیگر قرآنسٹ عالموں کے پیروکار کر رہے ہیں، جس کو ایک دفعہ آئیڈیل مان لیا، بس اس کی ہر صحیح یا غلط بات کا دفاع کرتے رہتے ہیں، یعنی اُنہوں نے لاشعوری طور پر اپنے اندر فرقہ بندی پیدا کر لی ہے۔ ماجد احمد خان''

اِس تحریر کے جواب میں، مَیں نے یوں وضاحت پیش کی کہ:

''آپ کی بغیر فُل سٹاپ یعنی بغیر سانس لئے تحریر پڑھ کر متاثر ہوا۔ اگر آپ جیسے اصحاب کی مُثبت سوچ لئے ہوئے اصلاح کی خواہشمند تنقید کسی ادارہ کو ملتی رہے تو اُس کے لئے منفعت کا سامان ہی مہیا کرتی ہے۔

مَیں آپ سے سو فیصد مُتفق ہوں کہ پرویز صاحب کی سوچ سے آگے ضرور بڑھنا چاہیئے، لیکن یہ اُنہی حضرات کے لئے ممکن ہوگا جو پہلے اُن کی سوچ تک پہنچ چکے ہوں۔ لہٰذا ہمارا پہلا ہدف تو پرویز صاحب کے موقف تک کی آگاہی ہوگا، تاکہ ہم یہ ہدف عبور کر سکیں۔

مَیں تو پچھلے بیس سال سے دن رات اُن کے قرآن کو الحق ثابت کرنے کے دلائل کی سوچ کو پوری طرح سمجھنے کی کوشش میں لگا ہوں اور اپنی دوسری ہر قسم کی مصروفیات سے الگ ہو کر اپنی تمام توانائی اس ثبوت کی رسائی میں صرف کر رہا ہوں۔ اسی کے حصول کے دوران میں نے فلسفہ، عربی اور قانون کی تعلیم کے لئے باقاعدہ تعلیم بھی حاصل کی اور اسلامک سٹڈی میں ماسٹر،

ایم فِل اور ڈاکٹریٹ کی ڈگری بھی حاصل کی۔ اس کے علاوہ دو کتابوں کی تصنیف کرتے ہوئے درجنوں مقالہ جات بھی شائع کروائے۔ اِن کے باوجود بھی جب کبھی بھی قرآن کے موضوع پر مزید تحقیق کی ضرورت ہوتی ہے تو اِس کے لئے محترم پرویز صاحب کی تصانیف کا بھی گہری نظر سے جائزہ لیتا ہوں اور اُسے بار بار جاننے کے بعد دوبارہ اور سہ بارہ اُس کا مطالعہ کرتا ہوں تو اپنے علم کی موجود رسائی سے بہت آگے پاتا ہوں اور نئے زاویہ سے روشناس ہو کر اپنی فہم میں اضافہ کرتا رہتا ہوں۔ میری خواہش ہے کہ آپ بھی محترم پہلے اس مشق سے نبرد آزما ہو کر اپنے علم تک کی رسائی کی قابلیت کا تجربہ ضرور کریں اور اگر کمی محسوس کریں تو اپنی قابلیت کے معیار کو محترم پرویز صاحب کے بار بار مطالعہ سے اُن کے دلائل سے پوری طرح آگاہی حاصل کرنے کی کوشش کرتے رہیں۔ اگر کامیابی میں ابھی مزید وقت کی ضرورت محسوس کریں تو تردد کی ضرورت نہیں، کیونکہ اُن کی تحقیق مزید کئی نسلوں کی تحقیقی ضروریات پوری کرنے کے لئے کافی ہیں۔ اگر آپ علامہ پرویز صاحب کے دلائل کی پوری طرح واقفیت حاصل کر چکے ہوں اور اُن کے دلائل کے معیار سے اپنے آپ کو بلند محسوس کریں تو آپ کے علم تک رسائی پانے کی ہم لوگ بھی کوشش کرنے سے پیچھے نہیں رہیں گے، جس طرح ہم علامہ پرویز کے دلائل سے مستفید ہو رہے ہیں۔''

جواب: میرے اس خط کا فوری جواب موصول ہوا کہ:

محترم انکل پیشگی معذرت کے ساتھ میں آپکی رائے سے متفق نہیں ہوں، آپکے خیال میں پہلے علامہ پرویز صاحب کی سوچ تک پہنچنا کیوں ضروری ہے؟ جبکہ اصل کتاب قرآن آپ کے پاس موجود ہے جس کی تعلیم تک پہنچنا اصل ضرورت ہے، باقی جتنے بھی عالم ہیں ان کی رائے سے فائدہ اٹھانے میں کوئی حرج نہیں، اب آپ کے کمنٹ سے ہی یہ بات ظاہر ہو گئی آپ کیونکہ پرویز صاحب کو حرف آخر مانتے ہیں اس لیے جب بھی کسی الجھن کا شکار ہوتے ہیں تو علامہ پرویز صاحب کی رائے سے خود کو مطمئن کر لیتے ہیں کہ علامہ جتنی سوچ کسی کی نہیں سو علامہ پرویز صاحب کی ہی بات حرف آخر مان لی۔

مُعترض نے مزید یہ بھی فرمایا کہ:

محترم انکل آپ نے بہت خوبصورت انداز میں وضاحت کی۔۔ مگر میرا اختلاف قرآن کے سمجھنے کے طریقے سے یا محترم علامہ پرویز صاحب سے نہیں ہے، میرا موقف یہ ہے کہ کیونکہ علامہ بھی ایک انسان تھے تو مختلف جگہوں پر الفاظ کے مفہوم کا چناؤ کرتے وقت ان سے بھی درست چناؤ نہ ہو سکا ہو۔

اِن سوالات کو مَیں نے ایک مُثبت سوچ کا نتیجہ سمجھتے ہوئے تفصیل سے جواب دیا کہ:

ماجد صاحب، آپ نے بہت عمدہ بات کہی ہے کہ قرآن کا نسخہ اور علم رکھتے ہوئے ہمیں کسی شخصیت کی سند کی ضرورت نہیں رہتی۔

شخصیت پرستی کی ممانعت:

یہی بات قرآن میں بھی ہے کہ:

وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰۗىِٕكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا (بنی اسرائیل 17:36)

کسی ایسی چیز کے پیچھے نہ لگو جس کا تمھیں علم نہ ہو۔ یقیناً تمہاری سماعت و بصارت اور دل (Mind) یعنی انسان کے اپنے ہی ذرائع علم، سب ہی کی باز پُرس ہونی ہے۔

قرآن نے اس کے علاوہ بڑے واضح انداز میں اُمت کی آرا کو انسان پر مسلط کرنے سے روکا ہے۔

تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔــلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (البقرہ 2:134)

یہ امت تو گزر چکی ہے جو انہوں نے کیا تھا وہ اُن کے لیے ہے اور جو تم کرو گے تمہارے لیے ہے اور اُس کے متعلق تم سے باز پرس نہ کی جائے گی جو وہ کرتے تھے۔

شروع ہی میں وضاحت کرنا چاہوں کہ یہاں مسئلہ محترم پرویز صاحب کی شخصیت اور سوچ کا نہیں بلکہ مَیں تو اسے خود قرآن اور اُس کی فہم کا لیتا ہوں۔ محترم پرویز صاحب کی تعلیم کا نکتہ ماسکہ ہی یہی رہا ہے کہ وہ شخصیت کو اہمیت نہیں دیتے تھے اور نہ ہی اپنی کہی ہوئی باتوں کو حرفِ آخر سمجھتے تھے۔ لہٰذا اُن کی سوچ سے مُتفق اصحاب سے بھی ایسی توقع نہیں رکھی جاسکتی۔

محترم پرویز صاحب کا اُن کی شخصیت کے تناظر میں تجزیہ کرنا ناانصافی ہوگی اور اُن کی سوچ کا اندازہ اور فیصلہ اُن کی زندگی بھر کے اسی تصور کے ثبوت فراہم کرنے سے لگایا جانا چاہیے کہ قرآن اللہ کا کلام ہے اور مُطلق الحق ہے۔ اِس میں کسی قسم کے اختلافات نہیں پائے جاتے، اس لئے بھی کہ الحق ایک ناقابلِ تقسیم وحدت و توحید ہے، جس میں اختلاف کی گنجائش نہیں ہے۔ اس لئے بھی کہ اختلاف ہونے کی صورت میں حق، حق نہیں رہتا بلکہ باطل کی آمیزش سے آلودہ ہوجاتا ہے۔

لہٰذا علامہ پرویز صاحب کے مقام کا تعین ہم اُن کے دلائل سے کرتے ہیں جو اُنہوں نے قرآن کو الحق کے ثبوت دے کر اپنا فریضہ ادا کیا ہے۔ اِس ضمن میں اپنی تعلیمی کاوشوں کو آپ کے سامنے لاتے ہوئے یہ رائے وصول کرتے ہوئے تشنگی محسوس ہوئی کہ ہمارا مطالعہ صرف اور صرف علامہ پرویز کی سوچ تک محدود ہو کر رہ گیا ہے آپ اگر اپنے اعتراض میں ذاتی تجربہ اور سوچ سے آگاہ کر دیتے تو اُس کی روشنی میں بھی ہم اپنی مقدور بھر کوشش کرنے کے قابل ہوجاتے۔ ہماری معذوری یہی ہے کہ ہمیں کہیں سے پوری کاوشوں کے باوجود بھی سوچ میں مزید ارتقاء کے لئے وہ راہنمائی دستیاب نہیں ہوئی جو ہمیں علامہ پرویز کی طرف سے حاصل ہو رہی ہے۔ لہٰذا مَیں آپ کے سوال کا تفصیلی جواب علامہ پرویز کی شخصیت سے قطع نظر کرتے ہوئے قرآن کے اختلافات و تضادات سے پاک الحق ہونے کے ثبوت میں دے رہا ہوں۔ میری نظر میں علامہ پرویز کے مقام کا اُن کی شخصیت کے حوالہ سے نہیں بلکہ قرآن کے الحق کے ثبوت میں دئے گئے دلائل کے ابلاغ کی کاوشوں کے اعتراف سے متعین ہوتا ہے۔

قرآن میں اختلافات اور تضادات ہونے کے اعتراض کا تجزیہ:

چونکہ گروہ بندانہ مفاد کا تقاضا یہ ہوتا ہے (خواہ وہ مذہبی فرقوں کی شکل میں ہو، یا سیاسی پارٹیوں کی صورت میں) کہ قوم کے سامنے، اس کے نظریہ حیات اور نصب العین زندگی کے متعلق کوئی متفق علیہ اور متعین مفہوم نہ آنے پائے، اس لئے یہ اعتراض وارد کر دیا جاتا ہے کہ قرآن بے شک ایک متعین کتاب کا نام ہے، لیکن اس کتاب کا مفہوم تو متعین نہیں، اس کی تعبیر تفسیری روایات کی مدد سے الگ الگ کی جاتی ہے۔

قرآن کے مفہوم و تعبیر میں اختلاف کا تجزیہ:

